خُطباتِ حکیم الامتؒ

ادارۂ تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان فون: 4540513-4519240

حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ
کے تقریباً 350 خطبات کے عنوانات وتعارف

فہرست خطباتِ حکیم الامت

مرتب

محمد اسحاق ملتانی
(مدیر ماہنامہ "محاسن اسلام" ملتان)

16 ہزار صفحات، تقریباً 350 مواعظ اور 8 ہزار عنوانات پر مشتمل خطبات کی اجمالی وتفصیلی فہرستیں اصل کتاب کے صفحات کی تعیین کے ساتھ حضرت ہی کے الفاظ میں ہر وعظ کا خلاصہ "پہلی مرتبہ ہر جلد کی احادیث مبارکہ کی تخریج اور فارسی اشعار اور عربی عبارات کے اردو ترجمہ

ادارۂ تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
(061-4540513-4519240

فہرست خطبات حکیم الامت

تاریخ اشاعت............شوال المکرم ۱۴۲۹ھ
ناشر.........................ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان
طباعت........................سلامت اقبال پریس ملتان

انتباہ

قارئین سے گذارش

ادارہ کی حتی الامکان کوشش ہوتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمدللہ اس کام کیلئے ادارہ میں علماء کی ایک .ما پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو برائے مہربانی مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تا کہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاکم اللہ

ملنے کے پتے

ادارہ تالیفات اشرفیہ ...چوک فوارہ...ملتان — مکتبہ الفاروق مصریال روڈ چوہڑ ہڑپال راولپنڈی
ادارہ اسلامیات ... انارکلی......لاہور — دارالاشاعت ... اردو بازار ... کراچی
مکتبہ سید احمد شہید ... اردو بازار ...لاہور — مکتبۃ القرآن ......نیوٹاؤن ... کراچی
مکتبہ رحمانیہ ... اردو بازار ...... لاہور — مکتبہ دارالاخلاص ..قصہ خوانی بازار .... پشاور

ISLAMIC EDUCATIONAL TRUST U.K
(ISLAMIC BOOKS CENTERE
119-121- HALLIWELL ROAD
BOLTON BLI 3NE. (U.K.)

عرض ناشر

حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ کی مبارک شخصیت عوام وخواص کے ہاں محتاج تعارف نہیں۔ تجدید دین کیلئے اور سلوک وطریقت کی صحیح نشاندہی کیلئے اللہ پاک نے آپ کے ہاتھوں بڑے بڑے اہل علم حضرات کی اصلاح کرائی اور چند سالوں میں خلفاء مجازین کی ایسی جماعت تیار ہوگئی جنہوں نے دین اور منشاء شریعت کے مطابق خود کو ڈھال کر اپنی دنیا و آخرت سنوارنے کے ساتھ ساتھ کتنے لوگوں کی زندگیوں کو اتباع شریعت کے زیور سے آراستہ کردیا۔

حضرت کا دوسرا بڑا کارنامہ تبلیغ دین بصورت مواعظ وملفوظات ہے۔ اللہ پاک نے چونکہ آپ کو حکیم الامت بنایا تھا اس لئے آپ کے مواعظ وملفوظات تیر بہدف ثابت ہوئے اور نجانے کتنے لوگوں کو شرک وبدعت، کفر وضلالت، فسق ومعصیت سے چھٹکارا حاصل ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ تقریباً نصف صدی سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود آج بھی مشائخ، اہل علم اور باذوق قارئین کے ہاں آپ

کے مواعظ وملفوظات قدر وعظمت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔

جس طرح حضرت نے اسلامی علوم وفنون کا شاید ہی کوئی موضوع ہو جس پر آپ کی قلم نے گوہر افشانی نہ کی ہو اسی طرح ضروریات دین کا کوئی موضوع ایسا نہیں جو آپ کے تقریباً 350 مواعظ کے احاطے سے خارج ہو۔ عام قارئین کو شاید یہ بات مبالغہ پر مبنی معلوم ہو۔ لیکن حضرت کے خطبات جو کہ 31 جلدوں پر محیط ہیں اس پر شاہد عدل ہیں۔

الحمدللہ ثم الحمدللہ موجودہ ایڈیشن کی 31 جلدیں جدید اشاعت کیساتھ کمپیوٹر کتابت میں شائع ہو چکی ہیں بلکہ مزید یہ کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور علمائے کرام کے توجہ دلانے سے تمام جلدوں پر زر کثیر خرچ کر کے احادیث مبارکہ کی تخریج 'فارسی اشعار اور عربی عبارات کے ترجمہ کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔

زیر نظر اس 32 ویں جلد میں تمام مواعظ کے عنوانات کی صرف فہرستیں ہی اس بات پر شاہد ہیں کہ حضرت کا علم کس قدر وسیع اور آپ کے خطبات ومواعظ کتنے الہامی علوم ومعارف سے مزین ہیں یہی وجہ ہے کہ آپ کے مواعظ وتالیفات سے علمی موتی نکال نکال کر آج اہل علم کتنی جدید اور مفید کتب ترتیب دے رہے ہیں۔

''نہ کردن یک عیب وکردن صد عیب'' کے تحت یقیناً اس 32 ویں جلد میں ممکنہ کوشش ومحنت کے باوجود کچھ کوتاہیاں ہو گئی ہونگی۔ لیکن اپنی طرف سے بھرپور یہی کوشش کی ہے کہ تقریباً ساڑھے تین سو مواعظ پر محیط 31 جلدوں کی یہ ڈکشنری قارئین کیلئے زیادہ سے زیادہ مفید ہو سکے۔

والسلام

محمد اسحٰق عفی عنہ

شوال المکرم ۱۴۲۹ھ بمطابق اکتوبر 2008ء

اجمالی فہرست

خطباتِ حکیم الامت

اجمالی فہرست
خطبات حکیم الامت

''دنیا وآخرت''
جلد ۱

''علم وعمل''
جلد ۲

''دین ودنیا''

جلد ۳

''حقوق وفرائض''

جلد ۴

"میلاد النبی"

جلد ۵

"نظام شریعت"

جلد ۶

''حقیقت عبادت''

جلد ۷

''حقیقت مال وجاہ''

جلد ۸

''حقیقت تصوف وتقویٰ''

جلد ۱۱

''محاسن اسلام''

جلد ۱۲

''دعوت وتبلیغ''

جلد ۱۳

''جزاوسزا''

جلد ۱۴

"تسلیم ورضا"

جلد ۱۵

"برکات رمضان"

جلد ۱۶

"سنت ابراہیم"

جلد ۱۷

"مفاسد گناہ"

جلد ۱۸

”آداب انسانیت“

جلد ۱۹

”حقوق الزوجین“

جلد ۲۰

"تدبیر وتوکل"

جلد ۲۱

"ذکر وفکر"

جلد ۲۲

”راہِ نجات“ جلد ۲۳

”موت وحیات“ جلد ۲۴

”حدود وقیود“ جلد ۲۵

''اصلاح اعمال''

جلد ۲۶

''فضائل علم''

جلد ۲۷

''اصلاح ظاہر''

جلد ۲۸

''اصلاح باطن''

جلد ۲۹

"خیر الاعمال"

جلد ۳۰

"رحمت دو عالم"

جلد ۳۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست خطبات حکیم الامت

(تفصیلی)

خُطبَاتِ حکیمُ الاُمّت

''دنیا و آخرت'' جلد-۱

وعظ-۱ .... المراد

خلاصہ وعظ: فی نفسہ نہ کوئی شے بری ہے نہ اچھی۔ یہ اپنے حسن وقبح میں اپنے مضاف الیہ یعنی مراد پر موقوف ہے۔ اگر اچھے کام کا قصد کیا جائے تو وہ ارادہ عمدہ ہے اور برے کام کا قصد کیا جائے تو وہ ارادہ برا ہے کسی عمل پر جزا وسزا بدوں ارادہ کے مرتب نہیں ہوتی اور ارادہ پر بدوں عمل کے بھی گناہ وثواب لکھا جاتا ہے لیکن اگر بدوں ارادہ کے کوئی گناہ بھول چوک سے ہو گیا تو وہ معاف ہے جس کے لیے حق تعالیٰ نے یہ دعا تعلیم فرمائی:

ربنا لا تواخذنا ان نسینا او اخطانا

فہرست عنوانات

خُطبَاتِ حکیمُ الاُمت

''دنیا وآخرت'' جلد-۱

وعظ-۱ .... المراد

خلاصہ وعظ: فی نفسہ نہ کوئی شے بری ہے نہ اچھی۔ یہ اپنے حسن وقبح میں اپنے مضاف الیہ یعنی مراد پر موقوف ہے۔ اگر اچھے کام کا قصد کیا جائے تو وہ ارادہ عمدہ ہے اور برے کام کا قصد کیا جائے تو وہ ارادہ برا ہے کسی عمل پر جزا وسزا بدوں ارادہ کے مرتب نہیں ہوتی اور ارادہ پر بدوں عمل کے بھی گناہ وثواب لکھا جاتا ہے لیکن اگر بدوں ارادہ کے کوئی گناہ بھول چوک سے ہوگیا تو وہ معاف ہے جس کے لیے حق تعالیٰ نے یہ دعا تعلیم فرمائی:

ربنا لا تواخذنا ان نسینا او اخطانا

فہرست عنوانات

وعظ-۲.....الدنیا

خلاصہ وعظ: عورتوں میں یہ بڑی خوبی ہے کہ ان کو خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام میں شبہ نہیں ہوتا۔ جب سن لیں گی کہ یہ خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ہے تو گردن جھکا دیں گی' چاہے عمل کی توفیق نہ ہو لیکن اس میں شک وشبہ اور وجہ وعلت کا سوال ان سے صادر نہیں ہوتا۔ بخلاف مردوں کے کہ ان میں مادہ اس خاص انقیاد کا کم ہے خاص کر آج کل اتنی عقل پرستی بلکہ اکل پرستی غالب ہے کہ وہ ہر بات کی وجہ پوچھتے ہیں' ہر مسئلہ کو اپنی عقل کی میزان میں جانچتے ہیں اور رائے زنی کرتے ہیں کہ عقل کے موافق ہے یا نہیں اور عورتوں کی سمجھ میں خواہ آئے یا نہ آئے وہ تسلیم کر لیں گی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳..... غریب الدنیا

خلاصہ وعظ: دنیا میں رہ کر اس سے بے تعلق ہونا دشوار ہے اس لئے دنیا میں ہی رہو۔ آسمان پر اڑنے کی فکر نہ کرو۔ مگر دنیا سے اتنا ہی علاقہ رکھو جتنا مسافر کو راستہ یا سرائے سے علاقہ ہوا کرتا ہے۔ یعنی نہ بالکل تارک الدنیا ہو جاؤ نہ بالکل فنافی الدنیا ہو جاؤ۔ بلکہ دنیوی تعلقات میں اختصار پیدا کرو۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴.....الرضا بالدنیا

خلاصہ وعظ: آخرت سے غفلت اور دنیا کی مصروفیت۔ رضا اور اطمینان میں فرق ہے رضا امر عقلی ہے اور اطمینان امر طبعی بعض دفعہ انسان ایک فعل کو عقلاً پسند کرتا ہے مگر دلچسپی نہیں ہوتی جیسے کڑوی دوا پینا کہ عقلاً تو پسند ہے مگر اس کے ساتھ پوری دلچسپی نہیں ہوتی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵.....الاطمینان بالدنیا

خلاصہ وعظ: دنیا کے سب کاروبار کرو مگر دنیا پر مطمئن نہ ہو جاؤ۔ آخرت کو پیش نظر رکھو اور جو وقت کام کاج سے بچے اس کو فضول باتوں میں ضائع نہ کرو یہ وقت بڑی قیمتی چیز ہے اس کی قدر کرو۔ یہ اتنی قیمتی چیز ہے کہ جس وقت عزرائیل روح قبض کرنے کے لئے آئیں گے تو تم تھوڑے سے وقت کے لئے تمام سلطنت بھی دینے کے لئے تیار ہو جاؤ گے مگر ایک منٹ کی بھی مہلت نہ ملے گی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶.....متاع الدنیا

خلاصہ وعظ: دنیا کو اپنا وطن اور قرار گاہ نہ سمجھنا چاہیے ترغیب اختیار آخرت وترک دنیا' دنیا کی محبت دل سے جاتے رہنے کا طریقہ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷.....الفانی

خلاصہ وعظ: شوق لقاء میں موت کی تمنا جائز ہے اس لیے اہل اللہ موت کی تمنا کرتے ہیں مگر ہم کو اس کے نام سے بخار چڑھ جاتا ہے ہم موت کو اتنا بھولے ہوئے ہیں کہ دوسرے کو مرتا دیکھ کر بھی اتنا خیال نہیں آتا کہ یہ منزل ہمارے بھی سامنے ہے بلکہ یوں سمجھتے ہیں کہ بس موت اسی کے واسطے تھی!

فہرست عنوانات

وعظ-۸.....الباقی

خلاصہ وعظ: بچہ جب ماں کے پیٹ کے اندر رہوتا ہے تو اسی کو دنیا سمجھتا ہے جب باہر آتا ہے تو محسوس کرتا ہے کہ میں تو بڑی تنگ و تاریک جگہ میں مقید تھا۔ اصل دنیا تو یہ ہے۔ یہی حالت اس عالم کی ہے جب انسان اس دنیا سے اس دنیا میں پہنچے گا تو یہی محسوس کرے گا۔ یہاں سے وہاں جانے والا مرتا نہیں فی الواقعہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہوتا ہے نہ صرف ایک عالم سے دوسرے عالم میں چلا جاتا ہے اگر آپ اس عالم کو دیکھ لیں تو آپ مرنے والے پر کبھی نہ روئیں گے بلکہ اپنے یہاں رہنے پر روئیں گے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹.....الدنیاوالآخرۃ

خلاصہ وعظ: اثبات معاد پر قرآن کریم خداوند کریم کو دکھلانے والا آئینہ اور رب العزت تک پہنچانے والا زینہ ہے کہ اس کی شاہراہ پر پڑ کر انسان کبھی گمراہ نہیں ہو سکتا کیونکہ فی الحقیقت قرآن شریف تجلیات خداوندی میں سے ایک تجلی ہے جو شخص تجلی حق کو رہنما بنائے گا وہ اس تجلی کے مبداء یعنی خداوند حقیقی تک کیسے نہ پہنچے گا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰.....ھم الآخرۃ

خلاصہ وعظ: انہماک فی الدنیا وفقدان فکر آخرت' محض حرص دنیا مذموم نہیں بلکہ اس کے مقتضاء پر عمل کرنا مذموم ہے۔ اسی طرح جب مال بھی مطلقاً مذموم نہیں بلکہ ایک درجہ اس کا مطلوب بھی ہے۔ مثلاً اتنی محبت جس سے مال کی حفاظت کا اہتمام ہو سکے مطلوب ہے کیونکہ مال کا ضائع کرنا حرام ہے۔ اگر اتنی محبت بھی نہ ہوگی تو یہ مال کی بے قدری کرے گا اور اس کو ضائع و برباد کردے گا جس کی شرعاً ممانعت ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱.....تجارت آخرت

خلاصہ وعظ: ترقی نہایت خوبصورت لفظ ہے لیکن اس وقت اس کا ماحصل محض طول امل و حرص ہے جس کی شریعت مطہرہ نے جڑ کاٹ دی ہے۔ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے یہاں امل اور طول حرص کا نشان بھی نہیں تھا۔ ان کے پیش نظر صرف ترقی دین تھا اور اسی کے تحت ان حضرات کو دنیا کی بھی وہ ترقی حاصل ہوئی کہ آج لوگوں کو خواب میں بھی نصیب نہیں ہو سکتی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۲.....تذکیر الآخرہ

خلاصہ وعظ: آخرت کے متعلق عمل کا بیان۔

قرآن مجید کو سائنس کی کتاب سمجھ لینا' اس میں سائنس و فلسفہ کے مسائل ڈھونڈنا اور کواکب وغیرہ کی تحقیقات کرنا بالکل ایسا ہے جیسے طب اکبر میں جوتے سینے کی ترکیب دیکھنا۔ قرآن مجید میں تو روحانی تربیت اور اصلاح کے نسخے ملیں گے۔ سائنس و فلسفہ سے اسے کیا تعلق!

فہرست عنوانات

وعظ-۱۳.....ترجیح الآخرہ

خلاصہ وعظ: آخرت کا دنیا سے افضل ہونا۔ شریعت نے تمتع دنیا سے منع نہیں فرمایا بلکہ ترجیح دنیا علی الآخرۃ سے منع کیا ہے۔ پس دنیا کو بقدر ضرورت طلب کرنا خواہ تجارت سے ہو یا ملازمت سے یہ حرام نہیں۔ ہاں! دین کو برباد کر کے دنیا کمانا حرام ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۴.....دارالمسعود

خلاصہ وعظ: دنیا کو چھوڑنے کا سب کو یقین ہے مگر پھر بھی ہم نے دنیا کو دل سے لگا رکھا ہے اور اس کی وجہ سوائے اس کے کچھ نہیں کہ لوگوں نے یہ سمجھ لیا ہے کہ مرنے کے بعد انسان ایک تنگ وتاریک گڑھے میں مقید ہو جاتا ہے اور تنہا پڑا رہتا ہے۔ اس تنہائی کے تصور سے لوگوں کو وحشت ہوتی ہے حالانکہ یہ تنہائی موجب راحت ہوگی اور اس خلوت میں وہ لطف ہے کہ بخدا کسی اور چیز میں اس کے برابر لطف نہیں۔

فہرست عنوانات

خُطباتِ حکیم الاُمّت

''علم وعمل'' جلد-۲

وعظ-۱ .... الفاظ القرآن

خلاصہ وعظ: اس وقت میں ایک خوفناک منظر دیکھ رہا ہوں کہ مسلمانوں کی تحریریں تو کفرآمیز شائع ہوتی ہیں اوراہل یورپ کی تحریریں اسلام کی مدح میں شائع ہورہی ہیں۔ گویا بعضے مسلمان توکفر کی طرف بڑھ رہے ہیں اور بعض کفاراسلام کی طرف۔اس حالت کودیکھ کرسخت اندیشہ ہے کہ جب یہ دونوں جماعتیں سرحد پر پہنچ چکیں گی ،تو ایسا نہ ہو کہ وہ تو کفر سے نکل کرمسلمان ہوجائیں اور یہ اسلام سے نکل کر کافر ہوجائیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲ ..... تعمیم التعلیم

خلاصہ وعظ: عوام نے علم دین کو عربی ہی کے ساتھ مخصوص سمجھ لیا ہے اور عربی پڑھنے کی ہر ایک کو فرصت نہ تھی تو اب انہوں نے اردو میں بھی مسائل نہ سیکھے کیونکہ اردو میں مسائل پڑھ لینے کو وہ علم ہی نہیں سمجھتے (حالانکہ) اردو میں علم دین پڑھ لینے سے بھی وہ فضائل حاصل ہوسکتے ہیں جو احادیث وقرآن میں علم کے لئے وارد ہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳ ....کوثر العلوم

خلاصہ وعظ: آج کل لوگوں نے کثرت معلومات کو علم سمجھ رکھا ہے۔ حالانکہ علم اور چیز ہے اور معلومات اور چیز ہیں۔ ہماری معلومات زیادہ ہیں۔ مگر بصیرت قلب زیادہ نہیں۔ بصیرت علم سے حاصل ہوتی ہے اور علم یہ ہے کہ ادراک سلیم اور قوی ہو جس سے نتائج صحیحہ تک جلد وصول ہو جاتا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴....العلم والخشیۃ

خلاصہ وعظ: فضیلت علم اور خشیت خداوندی علم ہی سے حاصل ہوتی ہے خشیت اور علم کے اقسام خوف وخشیت شرط ایمان ہے اور علم نہایت ضروری چیز ہے کیونکہ بغیر اس کے خشیت مطلوبہ پیدا نہیں ہوتی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵.... تعلیم البیان

خلاصہ وعظ: طریقہ تقریر۔ آج ہم لوگوں میں جو علم موجود ہے اس کی بدولت ہم خداتعالیٰ کے مقبول بندوں میں داخل ہوسکتے ہیں یہ نعمت بیانیہ ہی کی بدولت ہے کیونکہ اگر ہمارے حضرات سلف صالحین علوم کو مبین و مدون نہ کر جاتے تو ہم کو کچھ بھی خبر نہیں ہوسکتی تھی۔ اسی طرح اگر ہم نفع متعدی کا ثواب حاصل کرنا چاہیں تو اس کی بھی یہی صورت ہے کہ ہم تحریر وتقریر میں مہارت پیدا کریں۔ اور علوم دینیہ دوسروں تک پہنچائیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶ .... فضل العلم والعمل

خلاصہ وعظ: علم وعمل کے درجات۔فلاح دینوی کا طریقہ بھی اطاعت احکام حق ہے مع بعض فوائد مناسبہ اہل علم۔نافرمانی کے ساتھ راحت اور عزت نہیں۔اور اطاعت کے ساتھ تکلیف اور ذلت نہیں۔پس اگر ہم عزت کے خواہاں ہیں تو اطاعت خداوندی کو اختیار کریں۔ہم نے جب سے اس کو چھوڑ دیا ہے ہماری عزت وراحت بھی جاتی رہی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....اکبرالاعمال

خلاصہ وعظ: ذکر اللہ کی حقیقت اور ضرورت' آج کل واعظین زیادہ اعمال کے فضائل ہی بیان کرتے ہیں۔ حالانکہ فضائل اعمال سے تو اکثر لوگ واقف ہیں۔ البتہ ان کی ضرورت سے غافل ہیں گو وہ شعائر دین ہی سے کیوں نہ ہوں۔ حالانکہ بعض اعمال گو وہ شعائر دین سے نہ بھی ہوں شعائر دین کی اصل وجڑ ہیں۔ جیسے حسیات میں پھلوں اور پتوں پر نظر ہوتی ہے اور جڑوں کی طرف کوئی نہیں دیکھتا۔ اسی طرح شرعیات کی جڑ سے ہم غافل ہیں۔ محض فروع پر نظر ہے جو ایک بہت بڑی کوتاہی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....آخرالاعمال

خلاصہ وعظ: منتہائے اعمال کیا ہے دین میں لاپرواہی کرنا اور دین میں تکمیل سے قبل قناعت کیوں ہو جاتی ہے اور اعمال کو چھوڑ کر بیٹھنا خلاف عقل اور خلاف قرآن ہے اور اعمال کو دین سے کبھی سیری نہیں ہوتی اور یہ کہ تصوف سوائے شریعت کے کوئی نئی چیز نہیں ہے اور تصوف کوئی مشکل چیز بھی نہیں مگر کرنا شرط ہے اور مبتدی اور منتہی کی حالت میں کیا فرق ہوتا ہے اور تقاضائے نفس مجاہدہ سے فنا ہوتا ہے اور شناخت اور بقاء کی علامت کا بیان۔

فہرست عنوانات

خطبات حکیم الامت

''دین ودنیا'' جلد-۳

وعظ-۱ ....الدین الخالص

خلاصہ وعظ: اخلاص یہ ہے کہ کوئی غرض نفسانی اپنی نہ ہو صرف رضاء حق مطلوب ہو اور اس کے حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب کوئی کام کرنا ہو تو پہلے یہ دیکھ لیجئے کہ میں یہ کام کیوں کرتا ہوں اگر کوئی بات فاسد نظر آئے تو اسے قلب سے نکال ڈالے اور نیت خالص خدا کے لئے کرنی چاہئے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲.... تفصیل الدین

خلاصہ وعظ: جس طرح ہر قوت محدود ہے اسی طرح انسان کی عقل بھی محدود ہے عقل سے اس وقت تک کام لو جب تک وہ کام دے سکے اور جہاں اس کا کام نہیں وہاں اس کو چھوڑ دو اور حکم کا اتباع کرو شریعت کے معاملہ میں اصول تک تو عقل کام دیتی ہے اور فروع میں یہ تنہا بیکار ہے آگے وحی سے کام لو ورنہ یاد رکھو عمر بھر رستہ نہ ملے گا کیونکہ سمعیات میں عقل کا کام نہیں وہاں اتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ضرورت ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳ ....الکمال فی الدین

خلاصہ وعظ: خدا تک پہنچنے کا آسان ترین راستہ یہ ہے کہ ہم کو اپنی ناقص حالت پر قناعت نہ کرنی چاہئے بلکہ کمال دین حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے جس کا طریقہ یہ ہے کہ اعمال کو کامل کیا جائے فرائض وواجبات کے بجالانے میں کوتاہی نہ ہو اور محرمات کا ارتکاب نہ ہو اور اعمال کے کامل کرنے میں نفس جو مزاحمت کرے اس کے علاج کے لئے کاملین کی صحبت اختیار کی جائے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴...ضرورۃ الاعتناء بالدین

خلاصہ وعظ: ضرورت اہتمام دین' اس وقت مسلمانوں میں ایک بہت بڑا مرض پیدا ہو گیا ہے یعنی قلت اہتمام دین' یہ وہ مرض ہے کہ اس کی بدولت آج ہم مسلمان کہلانے کے قابل نہیں رہے اور اس کی بدولت اکثر حصہ دین کا ہم سے نکل گیا ہے نہ عقائد کی پرواہ نہ اعمال کی فکر' نہ حسن معاشرت کا خیال' نہ بد اخلاقی پر رنج' اب آپ خود ہی خیال کریں کہ ہماری حالت اسلام کے کس قدر قریب ہے اور اس کی کتنی مناسبت۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....ضرورۃ العلم بالدین

خلاصہ وعظ : اس وقت تمام عالم کے مسلمانوں کی حالت پر غور کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جولوگ مسلمان ہیں وہ اسلام کے احکامات اور اس کی تعلیمات کو چھوڑ چھوڑ کر اس سے دور ہو رہے ہیں اور نا مسلم لوگ اسلام کی خوبیوں کی وجہ سے اس کی طرف متوجہ ہوتے چلے جارہے ہیں یہ تمہید ہے اس دن کی جس دن کہ عجیب نہیں کہ ایسے مسلمان خارج از اسلام ہوجائیں اور ایسے غیر مسلم مسلمان ہوجائیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-٦....ضرورۃ العلماء

خلاصہ وعظ: خدا تعالیٰ نے انسان کو عقل اس واسطے دیا ہے کہ اس سے وہ انجام کو سوچے۔ جب دنیا کے کاموں میں انجام پر نظر رکھتے ہو جس میں رہنا محض موہوم ہے تو آخرت کے انجام پر بھی نظر رکھنی چاہئے جہاں جانا یقینی ہے مگر افسوس کہ آخرت سے اس درجہ غفلت ہوگئی ہے کہ وہ یاد ہی نہیں آتی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....اسباب الغفلۃ

خلاصہ وعظ: محبت مال واولاد کبھی معصیت کا سبب ہو جاتی ہے اوراس سے دنیاوآخرت دونوں کا خسارہ ہوجاتا ہے خواہ خسارہ محدود ہو یا غیر محدود البتہ جو لوگ اعتدال کے ساتھ محبت کرتے ہیں اور حقوق الٰہیہ کو غالب رکھتے ہیں ضائع نہیں کرتے وہ ہر وقت لطف میں ہیں۔دعا کیجئے کہ خدا تعالیٰ ہم کو اپنی یاد سے غافل نہ فرمائیں اور مال واولاد کو ہمارے لئے سبب فتنہ نہ بنائیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸.....مظاہر الاعمال

خلاصہ وعظ: انہماک فی الدنیا کی تراکیب اور استعداد بالآخرت کی ترغیب اعمال صالحہ کو حقیر سمجھنا سخت غلطی ہے ہر عمل قابل وقعت ہے اپنے عمل کو اس حیثیت سے تو کچھ نہ سمجھو کہ تم نے کیا کیا ہے مگر اس کی اس حیثیت سے قدر کرو کہ یہ نعمت حق تعالیٰ نے عطا فرمائی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹.... سبیل النجاح

خلاصہ وعظ: اگر آپ کو فلاح کی تمنا ہے۔ فلاح دنیا کی تبعاً اور آخرت کی قصداً۔ تو اس کی یہ صورت ہے کہ دین کو اختیار کرو اور اس کے احکام پر عمل کرو کیونکہ حق تعالیٰ نے فلاح کو انہی پر مرتب فرمایا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰....طریق النجاۃ

خلاصہ وعظ: نجات کے طریقوں۔نجات کے دوطریقے ہیں یا تحقیق یا تقلید اہل تحقیق۔ تاریخ اس امر کی شہادت دے رہی ہے کہ مسلمانوں کی دنیا دین کے ساتھ درست ہوتی ہے یعنی جب ان کے دین میں ترقی ہوتی ہے تو دنیا میں بھی ترقی ہوتی ہے اور جب دین میں کوتاہی ہوتی ہے تو دنیا بھی خراب ہوجاتی ہے۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامتؒ

''حقوق وفرائض'' جلد-۴

وعظ-۱....حقوق القرآن

خلاصہ وعظ: قرآن مجید کے تین مرتبے ہیں ایک مرتبہ الفاظ ظاہری کا یعنی ہر ہر حرف کو علیحدہ علیحدہ صاف صاف اور اپنے مخرج سے ادا کرنا اور ایک مرتبہ معنی کا ہے یعنی مدلول الفاظ کو سمجھ لینا یہ مرتبہ حق باطن کا ہے اور ایک مرتبہ اس سے بھی باطن ہے وہ اس کے احکام پر عمل کرنا جب یہ تینوں باتیں جمع ہوں گی تب کہا جائیگا کہ حق تلاوت ادا ہوا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....آداب المساجد

خلاصہ وعظ: مسجد میں دنیا کی باتیں کرنا اور دنیا کے کام کرنا معصیت اور ظلم ہے مسجد کا موضوع لہ اصلی ذکر اللہ ہے پس اس میں ذکر الدنیا کرنا اس کو شر البقاع (بازار) بنانا ہے جو اس کی ویرانی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴ ....العبد الربانی

خلاصہ وعظ: خلاصہ بیان کا یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے دو مرتبے تو آپ کو عطا فرمائے ہیں، تعلیم اور تعلم اور تیسرے امر کا مطالبہ کیا ہے کہ ربانی بن جاؤ۔ اب حق تعالیٰ دیکھتے ہیں کہ آپ اس تیسرے درجے کے ساتھ کیا برتاؤ کرتے ہیں۔ اس پر عمل کرتے ہیں یا نہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴ ....علوم العباد

خلاصہ وعظ: آداب مجالس اور فضیلت علم وعمل۔ ہماری حالت ایسی نکمی اور ردی ہوگئی ہے کہ قابل بیان نہیں نہ ہمارے عقائد کامل ہیں نہ اعمال وعبادات نہ معاملات نہ معاشرت نہ اخلاق نہ اقوال نہ احوال غرض ہر چیز ناقص وکمزور ہے اگر صحابہ زندہ ہوکر ہمیں دیکھیں تو ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں خیال کرنا ان کو دشوار ہوجائے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵ ....التہذیب

خلاصہ وعظ: خلاصہ یہ ہے کہ ان حقوق کو پوری طرح ادا کرنا چاہئے۔ جب حقوق ادا کئے جائیں گے تو ان شاءاللہ وہ مصالح اور حکمتیں کہ جن کے لئے یہ عبادتیں موضوع ہوئیں ان پر مرتب ہوں گی اور اگر حقوق ادا نہ کئے تو وہ خاصیتیں ظاہر نہ ہوں گی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶ .... خیرالارشاد

خلاصہ وعظ: اہتمام حقوق العباد؛ اگر کسی جگہ بدعت ہی لوگوں کے دین کی حفاظت کا ذریعہ ہو جائے تو وہاں اس بدعت کو غنیمت سمجھنا چاہئے جب تک کہ ان کی پوری اصلاح نہ ہو جائے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷.... کف الاذیٰ

خلاصہ وعظ: حقوق المسلمین دین کے دو جزو ہیں حقوق اللہ اور حقوق العباد تو دیندار وہ ہو سکتا ہے جو دونوں کو ادا کرے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸.....اصلاح الیتامیٰ

خلاصہ وعظ: یتامیٰ کے حقوق۔ ترکہ میں جو خرابیاں ہوتی ہیں ان کی اصلاح کا مفصل بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹....حقوق السراء والضراء

خلاصہ وعظ: حقوق مصیبت وراحت' انسان آسانی کے لئے دعا بھی کرتا رہے اور تدبیر میں بھی مشغول رہے مگر تدبیر پر بھروسہ نہ کرے دعا سے برکت ہوتی ہے اور خدا تعالیٰ سے ناامید نہ ہونا چاہئے اور مصیبت کتنی ہی بری کیوں نہ ہو دل شکستہ نہ ہونا چاہئے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰...الوقت

خلاصہ وعظ: وقت کے حقوق شریعت نے جس طور پر انضباط اوقات کر دیا ہے اس میں افراط نہ کرو اور نہ تفریط کرو ہماری عمر ہر لحہ برف کی طرح ختم ہو رہی ہے اسے گھلنے سے پہلے بیچنے کی فکر کرو۔ اس کے ہاتھ جس نے مسلمانوں کی جانوں اور مالوں کو جنت کے عوض خرید لیا ہے عمر ضائع کرنے کے لائق نہیں ہے اس کی قدر کرو۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱....حقوق المعاشرت

خلاصہ وعظ: حقوق اوران کی حدود وطرز معاشرت' مسلمان پر کیا کیا حق ہیں اور دوسروں کی راحت رسانی کا مفصل بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۲....اصلاح والاصلاح

خلاصہ وعظ: ضرورت تبلیغ و اشاعت اسلام ضروری امور کی طرف رغبت کرو اور غیر ضروری امور سے زیادہ دل نہ لگاؤ' توکل کی حقیقت' اپنی اور اپنے اہل تعلق سب کی اصلاح کرو۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۳....العشر

خلاصہ وعظ: باغات اور زمینوں کی آمدنی میں عشر واجب ہے جس کے پاس زمین عشری ہو اس لئے اس کا اہتمام کرنا چاہئے حقیقت میں پیداوار اللہ تعالیٰ ہی کرتے ہیں انسان کے اختیار میں نہیں لہٰذا اللہ تعالیٰ کا حق یعنی عشر ادا کرنا واجب ہے عشر کے مصارف کیا ہیں حیلہ تملیک کی صحیح صورت کیا ہے اور یہ کہ زمین کی پیداوار سے قرض منہا نہیں کیا جائے گا۔ وغیرہ احکام کی تفصیل۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامت

''عید میلاد النبیؐ'' جلد-۵

وعظ-۱ .... الظہور

خلاصہ وعظ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت شریفہ کا راز بطرز صوفیہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کا شرف اور اس کی حالتوں کا بطرز عجیب ذکر فرمایا گیا یہ وعظ مثنوی مولانا رومؒ کے تیس اشعار کی شرح ہے اس لئے حضرتؒ نے اس کا لقب سر المولا النبوی من المثنوی المعنویؒ رکھا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲ ....السرور

خلاصہ وعظ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت شریفہ پر فرح کا مامور بہ ہونا اور عید میلاد النبی پر مفصل کلام کیا گیا ہے آخر میں یہ بھی بتلایا کہ بعض مقامات پر ۲۷ رجب کو رجبی کی مجلس بڑے اہتمام سے منعقد ہوتی ہے یہ بھی بدعت ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳ ....النور

خلاصہ وعظ: آداب متعلقہ ذکر نبوی ذکر شریف کے شرعی آداب مقصود یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تشریف لانے کو بطور امتنان کے فرمایا ہے اس سے ایک سبق تو یہ لینا چاہئے کہ روزانہ ذکر کیا کریں جس کے لئے نشر الطیب کتاب میں نے لکھی ہے دوسرا سبق یہ لینا چاہئے کہ اس امتنان کے بعد یہ ارشاد ہے کہ ان سے ہدایت ہو اور ریانہ ہو اگر یہ حاصل نہیں کیا تو محبت نہیں ہے کیونکہ محب محبوب کی اطاعت کیا کرتا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴...نور النور

خلاصہ وعظ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر اور ان لوگوں کا رد جو اہل حق کو مجلس مولد شریف سے منع کرنے کی وجہ سے بدنام کرتے ہیں اور اس کا بیان کہ حضور کا اتباع اور اوامر و نواہی میں مجرد ذکر فضائل ولادت سے افضل ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵ .... المورد الفرسخی

خلاصہ وعظ: یہ ثابت کیا کہ ولادت کی دو قسمیں ہیں ایک ناسوتی دوسری ملکوتی جس کو وفات کہا جاتا ہے وہ ولادت ملکوتی ہے جو ناسوتی سے افضل ہے جس طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ناسوتیہ کے حالات وفضائل و کمالات بیان کئے جاتے ہیں اسی طرح ولادت ملکوتیہ کے کمالات بھی بیان کرنا چاہئیں چنانچہ اس کا بیان اسی کا ذکر تھا جس میں اہل مولد کی اصلاح تھی کیونکہ وہ ذکر ولادت کے ساتھ ذکر وصال کو معیوب سمجھتے ہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶.....راس الربیعین

خلاصہ وعظ: باوجود تلاش بسیار کے ندارد

فہرست عنوانات

وعظ-۷....المریع فی الربیع

خلاصہ وعظ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حقوق کا بیان' ذکر بھی کریں' محبت بھی متابعت بھی' ادب وتعظیم بھی نری مدح کافی نہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....الرفع والوضع

خلاصہ وعظ: ہم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر فعل سے سبق لینا چاہئے پھر یہ بتلایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے واقعہ معراج سے امت کو کیا نفع ہوا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹....نقد اللبیب فی عقد الحبیب

خلاصہ وعظ: ابطال رسوم۔ شریعت کے اندر ہر چیز کا قانون ہے بیاہ شادی وغیرہ کی رسوم کی مضرتیں۔ معاشرت کے متعلق بھی احکام ہیں بیاہ وشادی اور دوسرے معاملات سے متعلق بھی احکام ہیں ان کو معلوم کر کے شریعت کے مطابق عمل کرنا چاہئے۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامت

''نظام شریعت'' جلد-۶

وعظ-۱.....الشریعت

خلاصہ وعظ: وجوب اتباع شریعت بدلائل عقلی ونقلی

فہرست عنوانات

وعظ-۲.....نفی الحرج

خلاصہ وعظ: دین میں ہرگز تنگی نہیں بلکہ آسان اور سہل بہت ہے آج کل اکثر آمدنی کی صورتیں سود رشوت اور قمار میں داخل ہیں اصلاح اہل اللہ کے پاس بیٹھنے سے ہوگی اور خدا کی محبت پیدا ہوگی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴۳.....حق الاطاعت

خلاصہ وعظ: بدوں علم حاصل کئے اطاعت خدا ناممکن ہے اصلاح ظاہر و باطن دونوں ضروری ہیں اور ترجمہ قرآن مجید ازخود دیکھنے کی خرابیوں کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴.....اتباع المنیب

خلاصہ وعظ: اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور اللہ کو مطیع بندوں کی پیروی کا بیان اور نصیحت میں خودغرضی کے ایہام سے بھی بچنا چاہے علماء کا اتباع ضروری ہے علماء کی مخالفت گویا اللہ اور رسول کی مخالفت ہے تقلید کا مفصل بیان' نماز میں یکسوئی پیدا ہونے کا طریقہ' لباس کے جواز اور عدم الجواز اور قبر پرستی پر عجیب کلام۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵.....شرط الایمان

خلاصہ وعظ: دل سے احکام شرعیہ کو تسلیم کرنا اور اس میں تنگی نہ ہونا شرط ایمان ہے کمال ایمان کی تحصیل کا طریقہ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶.....شعب الایمان

خلاصہ وعظ: اپنی اصلاح کی دھن میں لگنا چاہیے اسلام و امان کے بعد تواضع و عاجزی ضروری ہے مساوات نساء کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷.....الغالب للطالب

خلاصہ وعظ: اتباع سنت کے یہ معنی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی غالب عادت کا اتباع کیا جاوے یہ نہیں کہ اپنی حالت کے موافق کوئی حدیث تلاش کر لی آج کل ہمارے اتباع سنت کی یہی حالت ہے کہ ہر شخص اپنی حالت کو بدلنا نہیں چاہتا بلکہ اپنی حالت پر رہ کر اس کی فکر ہوتی ہے کہ اسی حالت کو کسی حدیث کے تحت داخل کرلیا جائے سو یہ اتباع سنت نہیں بلکہ اتباع ہوئی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸.....الاعتصام بحبل اللہ

خلاصہ وعظ: نہی عن التفرق یعنی تفریق اور مخالفت کی ممانعت کا بیان مسلمانوں کو اتفاق کی تعلیم ہے جو کہ دین کے واسطے ہو اور علماء کی اتباع کے ساتھ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹.....الیسر مع العسر

خلاصہ وعظ: پندرہ شعبان کے بعد روزہ سے ممانعت اس لئے کی گئی تاکہ صیام رمضان کے لئے نشاط وقوت محفوظ رہے اس پر یہ مضمون عجیب متفرع فرمایا۔ کہ کبھی ضد سے بھی ضد میں مدد لی جاتی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰.....تکمیل الاسلام

خلاصہ وعظ: اسلام کی حقیقت وفضائل اور اسلام کا مقصود کیا ہے؟
تقویٰ اور اسلام کامل کا حاصل کیا ہے؟

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱.....تجارت آخرت

خلاصہ وعظ: تمام شریعت مطہرہ بذل نفس اور بذل مال کی تفصیل ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۲.....تقویم الزیغ

خلاصہ وعظ: انسداد بدعت والہاذ بدعت کی تعریف اور اس کی پہچان' تواضع اتفاق کی جڑ ہے اتفاق پیدا کرنے کا طریقہ۔ کامل کی پہچان کا بیان' وعظ سننے کا اصلی مقصود کیا ہے؟ سائنس حقیقی قرآن کے خلاف نہیں اور اہل سائنس کی چند غلطیوں کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۳۱.....العیدوالوعید

خلاصہ وعظ: رمضان کا ختم ہونا بھی نعمت ہے اس سے اتمام صوم پر خوشی ہونی چاہئے کیونکہ آخر رمضان میں مغفرت کامل ہو جاتی ہے اس میں دو حدیثیں پڑھی ہیں ایک میں ان لوگوں پر وعید ہے جو رمضان میں اپنی مغفرت اور بخشوانے کا اہتمام نہ کریں' دوسری ان لوگوں کے لئے بشارت اور عید ہے جو روزے پورے کر کے عیدگاہ میں خدا تعالیٰ کی حمد وثنا اور تعظیم کا حق ادا کریں گے تو ایک حدیث میں عید کا ذکر ہے اور ایک میں وعید کا اس لئے وعظ کا نام بھی العید والوعید ہے۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامت

''حقیقت عبادت'' جلد-۷

وعظ-۱.....العبادۃ

خلاصہ وعظ: عبادت کیا چیز ہے اور اس کی حقیقت کیا ہے اور یہ ہمارے اندر جہل وغفلت ہے اور اگر علم ہے بھی تو درجہ قال تک ہے حال نہیں بنتا یعنی عمل کی توفیق نہیں ہوتی بیعت کی حقیقت اور اس کے معنی کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....آثار العبادۃ

خلاصہ وعظ: ایمان سب سے بڑی اہم اور ضروری چیز ہے ایمان لانے کے بعد ضرورت نہیں کم و کیف کی' شریعت انسان کی عقل سے زیادہ خیر خواہ ہے' انسان کا کمال یہ ہے کہ باوجود عدم تقاضا کے عبادت حق کرتا رہے اور ایمان کا یہی کمال ہے کہ تقاضائے معصیت کے ساتھ پھر معاصی سے بچے شرعاً عابد اس کو کہیں گے جو دوام کرے' بدنگاہی سے دین و دنیا دونوں خراب ہو جاتے ہیں اس سے بچنا چاہئے معصیت کی خاصیت ہے کہ رحمت خداوندی سے مایوس کر دیتی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....اصل العبادۃ

خلاصہ وعظ: عبادت بدوں علم کے نہیں ہوسکتی اور عبادت مقصود ہے اس لئے تحصیل علم ضروری ہے اس کے ضمن میں علم کی فضیلت بیان فرمائی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴....اسرار العبادۃ

خلاصہ وعظ: اللہ تعالیٰ کی عبادت دنیا کی ہر شے کرتی ہے مگر انسانوں میں بعض نہیں کرتے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج جسمانی پر کلام، چندہ کی خرابیوں اور حق العباد میں کوتاہی کا بیان، بدوں طیب خاطر کسی کا مال حلال نہیں ہوتا، مجاہدہ کا یہ اثر نہیں کہ جذبات نفسانیہ فنا ہو جائیں بلکہ بعد مجاہدہ کے ان کی مقاومت آسان ہو جاتی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵...دواء الغفلت

خلاصہ وعظ: ہم لوگ عبادت کو غفلت سے ادا کرتے ہیں حالانکہ یہ سمجھ کر ادا کرنی چاہئے کہ ہم حق تعالیٰ کی جناب میں ایک قیمتی سودے کی قیمت پیش کر رہے ہیں کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ کھوٹی نکل آوے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶....الخضوع

خلاصہ وعظ: ترغیب وترہیب من العجب۔ آدمی کے اندر کوئی شے ایسی نہیں ہے جس کے سبب فخر و ناز اور دعویٰ کرے ہر وقت اپنے کو عاجز اور ذلیل سمجھے اور تکبر اور عجب چھوڑ دے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....الخشوع

خلاصہ وعظ: بیان احسان خضوع وخشوع وغیرہ احسان کی ضرورت اور اس سے لوگوں کی غفلت۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸...مہماۃ الدعاء

حصہ اوّل-حصہ دوم

خلاصہ وعظ: دعا سے تغافل کے اسباب-جدید تعلیم کے اثر سے دعا کو بیکار سمجھنا اور اپنے کو دعا کے قابل نہ سمجھنا' دعا کی عدم قبولیت کا شبہ اور اس کا جواب اور دعا کی تدبیر کی بھی ضرورت ہے-

دعا کے متعلق تنبیہات: فرمایا کہ جب تک قلب کو پورے طور پر حاضر نہ کریگا اور عاجزی اور فروتنی کے آثار اس پر نمایاں نہ ہوں گے وہ دعاء دعاء نہیں خیال کی جاسکتی-

فہرست عنوانات

وعظ-۹....شکر العطاء

خلاصہ وعظ: اگر کوئی عبادت کسی مقصود کو حاصل کرنے کی غرض سے کی جاوے اور وہ مقصود پورا ہو جائے تو بطور شکریہ اس عبادت کو پھر بھی کرنا چاہئے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰....شب مبارک

خلاصہ وعظ: نعمت کی قدر کرنی چاہئے طلباء کا تساہل' امور خیر میں نفس کا کید ہے ہر رات قابل قدر ہے مریدین اہل اللہ کے نزدیک ان کے دوست ہیں نہ کہ خادم پندرہوں شب شعبان کو صرف نوافل سے مقید کرنا صحیح نہیں' حقیقت میں عبدیت مطلوب ہے صرف مشقت مطلوب نہیں ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱....شعبان

خلاصہ وعظ: فضائل شب برات اور اسمیں خراب رسموں کی اصلاح کے متعلق بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۲....شرائط الطاعت

خلاصہ وعظ: خلاصہ دین کا اللہ اللہ اور خیر صلاً اگر اس میں جان بھی چلی جائے گی تب بھی پریشانی نہ ہوگی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۳....آثار المحبت

خلاصہ وعظ: مومن کی محبت الٰہی کی تکمیل کے لئے پوری اطاعت ضروری ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۴.....شعبان فی شعبان

خلاصہ وعظ: یہ حدیث بظاہر شعبان کے متعلق ہے مگر مقصود اس میں رمضان شریف کا ایک حکم ہے جو باعتبار حکمت ایک دستور العمل ہے مومنین طالبین کو۔ لاتصوموا میں نہی تحریمی نہیں بلکہ ارشاد ہے چاند سے مہینوں کا حساب رکھنے میں بڑی حکمت ہے رات تاریخ کا جزو سابق ہے پندرھویں شب کی فضیلت اس میں کسی خاص عبادت کا منقول نہ ہونا جو عبادت کرو اختیار ہے۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامتؒ

''حقیقت مال وجاہ'' جلد-۸

وعظ-۱....المال والجاہ

خلاصہ وعظ: مال اس لئے ہے کہ اس سے انتفاع حاصل کیا جائے اور جاہ اس واسطے ہے کہ اس کے ذریعہ سے اپنے کو ضرر سے بچائے نفع وضرر دینی اور اخروی کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے حب مال وجاہ نہ ہو۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲.....احکام المال

خلاصہ وعظ: مال کی آمد وخرچ کے احکام کا بیان اس آیت اور اس سے پہلی آیت جو روزہ کے متعلق ہے میں بڑا لطیف ربط ہے سودی مال اور اس کے مٹنے کی حقیقت' رشوت کا حشر' برکت کی حقیقت' حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر شخص کا چندہ قبول نہ فرماتے تھے' آج کل تو مال حرام تک واپس نہیں کرتے۔ شریعت میں رائے پر محنت لینا جائز نہیں مگر وکلاء و بیرسٹر لیتے ہیں۔ دعوت کھانے کی اجرت (دانت گھسائی کا معاوضہ) اور مسئلہ بتلانے کی اجرت ناجائز ہے نیوتہ کے مفاسد۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳...احکام الجاہ

خلاصہ وعظ: جاہ کا معنی ہے قدر و منزلت جس کا حاصل اور لازم ہے اثر' شریعت میں اس اثر کے حاصل کرنے اور اس کے استعمال کرنے کے متعلق احکام ہیں۔ قیامت میں اس کے متعلق بازپرس ہوگی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴....خیر المال للرجال

خلاصہ وعظ: ہم لوگوں کا عجیب مذاق ہے کہ فقط تذکرہ میں تو صفات مذکورہ آیت کی مدح کی جاتی ہے مگر ان صفات مدح کی تحصیل نہیں کی جاتی صحابہ کرام اور بزرگان دین کے اخلاق کی صرف مدح کافی نہیں۔
حدیث المرء مع من احب کا صحیح مطلب اصلی مال اعمال صالحہ ہیں جن سے دنیا بھی اچھی اور آخرت بھی اچھی مال کے معنی لغوی اعمال صالحہ پر بھی صادق آتے ہیں تجارت مانع آخرت نہیں البتہ آخرت کے اختیار کرنے سے دنیا سے تعلق ضرور کم ہوجاتا ہے جو مفید ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....خیر الاثاث للاناث

خلاصہ وعظ: اکثر لوگوں میں حب مال وحب جاہ کا مرض بکثرت پایا جاتا ہے' مگر عورتوں میں ان کی کیفیت مردوں سے مختلف ہے عورتوں میں چیزیں جمع کرنے کی حرص اور اس سے ان کا پیٹ کبھی نہیں بھرتا' عورتیں اپنے کو بڑا نہیں سمجھیں مگر بڑا ظاہر کرنے کا بہت اہتمام کرتی ہیں' خوارج و معتزلہ کا مذہب' حب اللہ و بغض اللہ کا مطلب' اللہ تعالیٰ سے غنی ہونے کا صحیح مفہوم' جب تک مغرب سے آفتاب نہ نکلے بڑے سے بڑے گناہگار کے لئے بھی توبہ کی گنجائش ہے۔ مقام طالب مطلوب نافرمان باوجوہ کثرت سامان راحت دنیوی کے ہمیشہ پریشانی میں مبتلا رہتے ہیں' شادی میں بربادی' دنیا کی محبت ساری خرابیوں کی جڑ ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶ ...علاج الحرص

خلاصہ وعظ: حرص کی مذمت اور یہ کہ گناہ کو جی بھر کر کرنے سے اسکو قوت ہوتی ہے ضعف نہیں ہوتا گو اس وقت سکون ہو جائے بعض سالکوں کو اس میں غلطی ہوتی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷.....میرٹھ

خلاصہ وعظ: جنت مطلوب ہے اور اس کا ذریعہ ہے ترک ہوی اور اس کا معین ہے خوف اور اس کا طریق ہے مراقبہ جب مراقبہ کیا خوف پیدا ہوا۔ اس سے خواہش نفسانی چھوٹ گئی۔ اس پر نتیجہ مرتب ہوا فان الجنة هي الماوى.

فہرست عنوانات

وعظ-۸....الحیوۃ

خلاصہ وعظ: حق تعالیٰ نے اس آیت میں اس کی شکایت فرمائی ہے کہ لوگ دنیا کی زندگی کو دین پر ترجیح دیتے ہیں حالانکہ آخرت بہتر اور باقی ہے اس کے متعلق بقدر ضرورت مفصل بیان ہوگیا۔ اور حجت الٰہی قائم ہوگئی اب عمل نہ کرنے پر کوئی عذر نہیں ہوسکتا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹... مطاہر الاموال

خلاصہ وعظ: تزکیہ نفس ضروری ہے اور تزکیہ مجاہدہ پر موقوف ہے اور مجاہدہ کی دوقسمیں ہیں۔ بدنیہ ومالیہ پس مجاہدہ مالیہ بھی کرنا چاہئے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰۔...تاسیس البنیان

خلاصہ وعظ: احکام وآداب عمارات خاصہ وعامہ۔ شریعت معتدل اور جامع قانون ہے دین میں تنگی کا شبہ اور اس کا جواب' نکاح بہ نیت طلاق گناہ ہے احکام شرعیہ میں تنگی اس وقت تک محسوس ہوتی ہے جب تک ایمان محض علم الیقین کے درجہ میں ہو عین الیقین کا درجہ میسر ہونے پر ہر حکم میں سہولت ہی معلوم ہو گی سفارش کی خرابیاں' آج کل ظاہری وجاہت پر نظر کر کے ہر کام نااہلوں کے سپرد کر دیا جاتا ہے' چندہ دینے والوں کا شکریہ ادا کرنا غلط ہے البتہ دعا کا مضائقہ نہیں علماء پیاسے اور امراء کنواں نہیں' حقیقت اس کے برعکس ہے۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامت

''فضائل صبر وشکر'' جلد-۹

وعظ-۱....الصبر

خلاصہ وعظ: بعض مصائب کے بعض آداب کا ذکر فرمایا ہے شریعت مقدسہ نے ہماری ہر حالت کے متعلق ہم کو ایک دستور العمل تعلیم فرمایا ہے خواہ وہ کوئی حالت ہو ان میں سے ایک حالت مصیبت کی بھی ہے اس کے متعلق بھی ایک دستور العمل ہے کہ اس حالت میں کیا کرنا چاہئے۔ صبر کی تعلیم' صبر کس کو کہتے ہیں اور تدبیر اور استقلال کا بیان۔ دعا کی حقیقت' دعا بھی ایک تدبیر ہے دعا کرنا سنت نبوی میں سے ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲.... حقیقت الصبر

خلاصہ وعظ: مصیبت پر صبر کرنے کی حقیقت یہ ہے کہ رنج طبعی کو عقل کی حد تک نہ پہنچائے اور اعمال میں تقلیل نہ کریں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....ماعلیہ الصبر

خلاصہ وعظ: ماعلیہ الصبر۔ اعمال مامور بہا ہیں اور صبر علی العمل کی ایک صورت ہے اور ایک حقیقت۔ حقیقت یہ ہے کہ مقصود پر نظر رکھے جو رضاء حق ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴....الصبر والصلوٰۃ

خلاصہ وعظ: جن امور کا انسان مکلف ہے وہ دو قسم کے ہیں۔ بعضے اعمال وجودیہ ہیں اور بعض متروکہ ہیں اور سب میں گونہ کلفت ہے' اللہ تعالیٰ نے ان کی تسہیل کے لئے صبر وصلوٰۃ کی تعلیم دی ہے پس یہ خود بھی مقصود ہیں اور دوسرے مقاصد کو سہل اور آسان کرنے والے ہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....البر بالصبر

خلاصہ وعظ: مصائب میں حکمتیں ہیں منجملہ ان کے ایک حکمت یہ ہے کہ اس سے ایمان کا امتحان ہوتا ہے اور ایمان کو تقویت ہوتی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶....الجبر بالصبر

خلاصہ وعظ: صبر کی تعلیم عجیب طرز سے دی گئی کہ یہ ثابت کر دیا کہ دنیا میں جس قدر مصائب ہم پر واقع ہوتے ہیں سب کی حقیقت تجارت ہے کہ ایک چیز ہم سے لی جاتی ہے دوسری دی جاتی ہے پس مصیبت کے وقت ہم کو اس حقیقت پر غور کر کے غم کو ہلکا کرنا چاہیے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....الامتحان

خلاصہ وعظ: حکم آفات سماوی جو شخص ایمان لاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی آزمائش اور امتحان لیتے ہیں کہ یہ اپنے دعوے میں سچا ہے یا جھوٹا اور اس پر بیماری تنگدستی افلاس وغیرہ مسلط کرتے ہیں اگر وہ ان آفات اور مصائب میں صبر کرتا ہے تو پھر اللہ تعالیٰ اس پر انعامات کی بارش کرتے ہیں جس پر وہ شکر ادا کرتا ہے پھر وہ حقیقی معنی میں مومن بن جاتا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....آداب المصاب

خلاصہ وعظ: صبر کی فضیلت اور صابرین کیلئے بشارت اور ذکر وسعت رحمت۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹....دواء الضیق

خلاصہ وعظ: اطمینان تب حاصل ہوگا جب ضیق زائل یا مغلوب ہوگا خدا کی یاد جتنی بڑھے گی حزن گھٹے گا حق تعالیٰ کی یاد سے جمعیت قلب حاصل ہوتی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰....الاجر النبیل

خلاصہ وعظ: تصحیح عقیدہ کو ازالہ غم میں بڑا دخل ہے ضعف عقیدہ سے غم بڑھتا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱.... سلوۃ الحزین

خلاصہ وعظ: فضائل صبر: دین محض نوافل وتسبیح کا نام نہیں' بزرگی کا کمال یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم بقدم ہو آپ صلی اللہ علیہ وسلم جیسے اخلاق ہوں' بدعت پر کلام' قرآن شریف بڑی نعمت ہے اس کی تعلیم کی طرف کوشش کرو' ہمارے ذمہ ہے کہ اس کی تعلیم پر عمل کریں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۲....تحریم المحرم

خلاصہ وعظ: صرف عاشورہ کا روزہ رکھنا مکروہ ہے اس لئے ساتھ نویں یا گیارہویں محرم کا روزہ بھی ملا لینا چاہئے روزہ کے علاوہ اور کوئی عمل محرم میں مسنون نہیں، شہادت نامہ پڑھنا، شیعوں کی مجلس میں شرکت کرنا تعزیہ بنانا وغیرہ ناجائز ہیں البتہ دنیوی برکت کے بارہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بروایت ضعیف منقول ہے کہ جو شخص اپنے اہل وعیال پر عاشورہ کے روز فراخی کرے اللہ تعالیٰ اس پر تمام سال فراخی رکھیں گے اور اس دن ایصال ثواب کی تخصیص مکروہ ہے اور جمعہ کا دن پہلے سے ہی افضل ہے نہ کہ شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ کی وجہ سے۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامت

''فضائل صوم وصلوٰۃ'' جلد-۱۰

وعظ-۱....الصلوٰۃ

خلاصہ وعظ: قلب کی اصلاح سے اعمال درست ہو جاتے ہیں' اصلاح ظاہر و باطن دونوں کی ضرورت ہے۔ ریا کی حقیقت اور نماز کا مفصل بیان

فہرست عنوانات

وعظ-۲...نداءِ رمضان

خلاصہ وعظ: ماہ رمضان کی تکمیل دو ہی طریقوں سے ہوتی ہے تجلیہ اور تخلیہ سے، اور عادۃً تخلیہ مقدم ہوتا ہے تجلیہ سے یعنی اخلاق رذیلہ دور کر کے پھر اخلاق حسنہ کا رنگ چڑھایا جائے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲.....الصوم

خلاصہ وعظ: روزہ کی فضیلت اور ثواب کا بڑھنا اخلاص کے بڑھنے سے ہوتا ہے اور اسرار و حکم کی تحقیق کرنا بے سود ہے بعض لوگ روزہ رکھتے ہیں لیکن اس کے حقوق ادا نہیں کرتے' شطرنج کی مضرتیں اور ناول دیکھنے کی مضرتیں اور حرام آمدنی سے بھی بچنا چاہئے اور اس سے بچنے کا طریقہ اور سوائے رمضان کے گیارہ مہینوں میں تقویٰ اختیار کرنے کا طریقہ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴....الصیام

خلاصہ وعظ: مغفرت ذنوب کا وعدہ کس روزہ پر ہے' صیام وقیام وشب بیداری' رمضان کی فضیلت کا بیان' روزہ میں معاصی سے اجتناب۔ مباحات میں تنگی کرنے پر کلام۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....الفطر

خلاصہ وعظ: احکام فطر وغیرہ' عید کے دن غرباء کے صدقہ کا بیان' امراء کو مساکین کی رعایت سے تقدم صدقہ کا حکم ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶....النسوان فی رمضان

خلاصہ وعظ: روزہ کی آسانی' روزہ امور طبعیہ کی طرح سہل و آسان ہے اس میں کچھ دشواری نہیں اور اس کی تکمیل بھی بہت سہل ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....رمضان فی رمضان

خلاصہ وعظ: رمضان المبارک کے متعلق کچھ حقوق اور کچھ ضروری مضامین اور احکام کا بیان اور اس کا بیان کہ معاصی سے روزہ مضمحل ہو جاتا ہے رمضان سے پہلے آپس میں مل جل کر دلوں سے رنجشیں دور کر لو۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....احکام العشر الاخیرہ

خلاصہ وعظ: ماہ رمضان کے عشرہ اخیر کے احکام اور تمام ماہ رمضان کی فضیلت 'لیلۃ القدر کا بیان اور ماہ رمضان میں بیداری کی فضیلت بیان فرمائی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹.... تطہیر رمضان

خلاصہ وعظ: اصلاح منکرات رمضان' کذب وغیبت کے نتائج' نفس کی کم ہمتی کا علاج' تراویح وشبینہ کی بدعات ومنکرات کا بیان' ختم کی مٹھائی' عید کی بدعات کا بیان' رسوم وبدعات کے موقوف ومتروک ہونے کا طریقہ عید میں سیویوں کی تخصیص۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰.... عصم الصنوف

خلاصہ وعظ: سہولت صوم اور یہ کہ رمضان میں اپنی مغفرت کے لئے سعی نہ کرنا سخت محرومی اور سبب وعید شدید ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱....التہذیب نمبرا

خلاصہ وعظ: الحاصل ترک لذات کے لئے روزہ اور علاج کبر کے لئے نماز شریعت نے مجاہدہ مقرر فرمائی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۲....التہذیب نمبر۲

خلاصہ وعظ: فرائض کے متعلق جو قرب ہے وہ ایک دم سے حاصل ہو جاتا ہے اور اس نوع میں کوئی درجہ باقی نہیں رہتا۔ اور نوافل کے متعلق جو قرب ہے اس کی کوئی حد نہیں۔ پس اس حکمت کی وجہ سے بعض عبادتیں فرض مقرر فرمائی ہیں۔ فرض روزہ بھی ہے۔ بعض نفل جن میں نفل روزے بھی ہیں جو دوسرے ایام میں بھی مشروع ہوئے۔ تاکہ کوئی نوع قرب کی فوت نہ ہو۔ صوفیا کی اصطلاح میں اول کو قرب فرائض کہتے ہیں اور دوسری نوع کو قرب نوافل کہتے ہیں اور چونکہ نوافل سے جو قرب ہوتا ہے وہ ختم نہیں ہوتا۔ اسی واسطے حدیث میں اس کو لا یزال عبدی سے تعبیر فرمایا ہے بحمد اللہ میں نے بقدر رسائی ذہن کے ان احکام کے اسرار و حکمتیں بیان کی ہیں مقصود میرا اس سے یہ ہے کہ عبادتوں کو مع ان کے حقوق کے ادا کرنے کی رغبت ہو۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامت

''حقیقت تصوف وتقویٰ'' جلد-۱۱

وعظ-۱....التقویٰ

خلاصہ وعظ: اصل تقویٰ فعل قلب ہے اور اصلاح ظاہر اس کا لازم' قلب سے حب مال نکلنے کا طریق' اطاعت حق کے طریقہ کا بیان' قرآن مجید کی ہر آیت تمام امراض باطنی کا علاج' ترتیب قرآن مصنفین کے طرز پر نہیں فرمائی گئی بلکہ شفقت کے مقتضاء پر ہے' ہم لوگوں کی تواضع بھی تکبر ہے ہمارے پاس فخر کی کوئی چیز نہیں' نسب پر فخر' بیکار ہے جب کہ ہم خود اپنے آباء جیسے نہ ہوں' آج کل لوگوں نے تقویٰ کو خاص پاکی کی احتیاط میں لیا ہے کیونکہ پانی سستا ہے حالانکہ تقویٰ قلب کے متعلق ہے' علم دین کی ضرورت' معاشرہ کی اصلاح کا طریقہ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....المرابطۃ

خلاصہ وعظ: تاکید عمل اور یہ کہ تصوف کی حقیقت علم مع العمل ہے مگر عمل میں اعمال ظاہرہ باطنہ سب داخل ہیں اور یہ کہ قابل اہتمام اعمال ہیں کیفیات مہتم بالشان نہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....المجاہدۃ

خلاصہ وعظ: مجاہدہ کی ضرورت اور اس کا بیان کہ صرف اصلاح عقائد اصلاح عمل کیلئے کافی نہیں بلکہ مجاہدہ کی بھی ضرورت ہے کہ اسکے بغیر عمل سہل نہیں ہوتا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴....التحصیل والتسہیل

خلاصہ وعظ: آج کل عام طور پر اہل سلوک سہولت کے طالب ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ وہ اپنی قوت اختیاریہ سے کام لینا نہیں چاہتے اور اس امانت الٰہیہ کو برباد کرتے ہیں بس تم خود سہولت کے طالب نہ بنو بلکہ اختیار سے کام لو۔ پھر اس کا بیان کہ اعمال رمضان کو سہولت طاعات میں دخل عظیم ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵.... تکمیل الاعمال بدیل الاحوال

خلاصہ وعظ: جو شخص عذاب سے بچنا چاہے وہ اول معاصی سے جن میں کفر وشرک بھی داخل ہے قاعدہ کے مطابق توبہ کرے پھر نیک اعمال کرتا رہے جس میں دو کام داخل ہیں وہ اعمال جن کے کرنے کا حکم ہے۔ان کو پابندی کے ساتھ کرنا اور جن کی ممانعت ہے ان کا اہتمام کے ساتھ تارک رہنا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶...طریق القلندر

خلاصہ وعظ: طریق قلندری جو تصوف کا ایک مقبول طریق ہے اس کا صحیح مفہوم اور اس کے متعلق عام غلطی کا ازالہ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....اوج قنوج

خلاصہ وعظ: تواضع کی حقیقت، ضرورت اورفوائد کہ ہم لوگوں میں کبر کا مرض عام ہے، ہر انسان میں اس کا مادہ اوراکثر میں اس کا اثر بھی موجود ہے، بعض تو علم کے ساتھ بھی گمراہ ہیں، فقہاء اورصوفیا یہ دوجماعتیں دین کی حق شناس ہیں آج کل کی معاشرت کی بنا کبر پر ہے، فیشن پرستی اسلام سے بہت دور ہے تواضع کبر کی ضد ہے حدیث میں دنیا یا آخرت کی قید نہیں بلکہ اللہ کے واسطے تواضع اختیار کرنے سے دونوں جگہ ہی ان شاءاللہ رفعت حاصل ہوگی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸ .... دستور سہارنپور

خلاصہ وعظ: استغناء وتوضع کا اکتساب، تکبر اور تذلل سے اجتناب حب مال وحب جاہ کو چھوڑو اور تعلیم کے بعد کسی بزرگ کی صحبت بھی ضروری ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹ ... ترک مالایعنی

خلاصہ وعظ: لایعنی امور کو ترک اور تعلقات زائد کو کم کرنا چاہئے' فضول وہ ہے جس کے ترک کرنے میں نہ دین کا نقصان ہو نہ دنیا کا اور کرنے میں نہ دنیا کا نفع ہو نہ آخرت کا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰......رفع الموانع

خلاصہ وعظ: موانع الطریق کی تفصیل اور ان سے بچنے کی تدابیر' حق تعالیٰ تک پہنچنے کا طریق۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱....سیرت صوفی

خلاصہ وعظ: طرز زندگی دستور العمل۔ اہل تصوف کی معمول بہ چند چیزیں ہیں۔ تہجد' تلاوت قرآن' تبلیغ دین' ذکر تبتل' توکل' صبر' تہجد سے محروم رہنے والوں کی غلطی بیان فرمائی۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامت

''محاسن اسلام'' جلد-۱۲

وعظ-۱....الاتمام لنعمۃ الاسلام نمبر ۱

خلاصہ وعظ: اسلام کا نعمت کامل ہونا اور اس کے محاسن اور تبلیغ کے آداب کیونکہ اس زمانہ میں فتنہ ارتداد کا زور تھا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....الاتمام لنعمۃ الاسلام نمبر۲

خلاصہ وعظ: جو شخص اپنے سر پر ایسے مالک کو مانے گا جو ہر طرح سے کامل ہے۔
اس کا ثمرہ خاص یہ ہوگا کہ اس کے دل میں خدا تعالیٰ کی ہیبت وعظمت ہوگی۔
کیونکہ بادشاہ جتنا کامل ہوگا اتنی ہی محبت وہیبت زیادہ ہوگی۔
پھر حق تعالیٰ ایسے جمیل ہیں کہ کوئی ان کے جمال کے قریب بھی نہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....الاتمام لنعمۃ الاسلام نمبر۳

خلاصہ وعظ: محاسن اسلام' مقصود احکام شریعت جاننے سے عبدیت ہے احکام کے اسرار و حکم جاننے کے درپے ہونا مضر ہے اگر محض الفاظ دانی کا نام علم ہوتا تو وہ تو معاصی بلکہ کفر کے ساتھ' جمع ہوسکتا ہے حقیقت میں علم کی حقیقت نور ہے امام رازی کی آخری تحقیق یہ ہے کہ سب قیل وقال فضول ہے علم یہ ہے کہ احکام شرعی کو بلا قیل وقال تسلیم کر لینا' محقق ہر ایک کو جواب نہیں دیتا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴...محاسن اسلام

خلاصہ وعظ: اسلام کی خوبیوں کا بیان اور مخالفین کے مشہور اعتراضوں کا جواب! اور یہ کہ حفاظت اسلام کے لئے دو عمل ضروری ہیں ایک نماز دوسرے کسی بزرگ سے تعلق پیدا کرنا ایک تیسرا عمل گائے کا گوشت کھانا' گائے کا گوشت کھانے والے کو کوئی بندہ نہیں بہکا سکتا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵.....احسان الاسلام

خلاصہ وعظ: حق تعالیٰ کے ساتھ تعلق رکھنا بڑی دولت ہے حضور قلب کی حقیقت' اتباع سنت کا بیان' خشوع وخضوع کی حقیقت' عبادت میں خشوع پیدا کرنے کی ترکیب۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶....الدوام علی الاسلام

خلاصہ وعظ: اس وقت آپ کو ایسی چیز بتلانا چاہتا ہوں جو پریشانی کو لذیذ کردے کیونکہ میں کہہ چکا کہ پریشانی تو جنت سے ورے ختم نہیں ہو سکتی۔ ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ پریشانی کو لذیذ کردیا جائے اور یہ بھی ایک طرح پریشانی کا خاتمہ ہی ہے۔

تو میں ایسی بات بیان کرنا چاہتا ہوں جو تمام اعمال میں کام آئے اور غفلت سے روکتی رہے اور پریشانی کے وقت ہمت بندھائے اور وہ نئی بات نہیں بلکہ وہ وہی ہے جس کا نام قرآن میں کہیں تقویٰ ہے کہیں اعتصام بحبل اللہ ہے اور اسی کا نام ذکر نعمت بھی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....الاسلام الحقیقی

خلاصہ وعظ: کمال اسلام۔ مسلمانوں کو کافر کہنا بڑی سخت بات ہے تہتر فرقوں کا بیان۔ مسئلہ وحدۃ الوجود' اسلام کامل کی تعریف' تشبہ کا مسئلہ جماعت کی فلاسفی' حج کی فلاسفی' حج میں جدال سے ممانعت کی حکمت' حق تعالیٰ کے تصرف کا بیان' پانچوں نمازوں کی حکمتیں' گاؤں میں جمعہ نہ ہو سکنے کا جواب' عقل سے صحیح کام لینے کا طریقہ' عجائبات قدرت کا بیان' انقیاد اضطراری کے ساتھ انقیاد اختیاری بھی کرو اور وہ یہ ہے کہ ان تکوینیات پر جزع وفزع ناشکری اور بے صبری نہ کرو' قضا وقدر پر راضی رہو میراث کی تقسیم شرع کے موافق کرنا ضروری ہے بہنوں کا حصہ بھی دینا چاہئے تمدن کی بنا تواضع ہے بے جا خودداری حسد و کبر وضد ہے تمدن کا معیار اسلام کامل اور اپنے اسلام کو جانچنے کا طریقہ' مصلحان قوم کی حالت' اتباع شریعت کی پہچان' صحبت اہل اللہ سے علم اور ہمت میں قوت ہوتی ہے معاصی سے پرہیز کی ضرورت اور اس کا طریقہ۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامتؒ

''دعوت وتبلیغ'' جلد-۱۳

وعظ-۱....دعوت الی اللہ

خلاصہ وعظ: آداب تبلیغ' درواتِ الی اللہ' دین کی طرف بلانا اتفاق کے ساتھ نہایت اہم اور ضروری ہے اور اس کا طریقہ کیا ہے افسوس! دوسروں کو تو ہم اپنے مذہب میں کیا لاتے اپنے ہی بھائیوں کو اپنے مذہب میں نہیں رکھ سکتے خدانخواستہ اگر یہی نوبت ہے تو آج تو نئے مسلمانوں پر مشق ہے اگر مخالفین کا حوصلہ بڑھ گیا تو کل وہ پرانے مسلمانوں کو بھی اپنی طرف کھینچنے کی کوشش کریں گے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....آدابِ تبلیغ

خلاصہ وعظ: آداب التبلیغ اور کم توجہی کی شکایت، تبلیغ میں ثمرہ مقصود نہیں رضا مقصود ہے جس کا طریق عمل وسیع ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....تواصی بالحق

خلاصہ وعظ: امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور تبلیغ اسلام کی ضرورت جس کے دو شعبے ہیں ایک عقائد کی تبلیغ دوسرے اعمال کی اس حصہ میں شعبہ اول کا بیان ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴...تواصی بالصبر

خلاصہ وعظ: امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے دوسرے شعبہ یعنی تبلیغ فروع (اعمال) کا طریقہ بتلایا گیا ہے دعا میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہمارے قلوب سے مخلوق کی ہیبت نکال دے اور ہم کو تبلیغ اور امر بالمعروف کی توفیق عطا فرمائے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....ضرورۃ تبلیغ

خلاصہ وعظ: تبلیغ اور اشاعت اسلام۔ تبلیغ میں کامیابی پر اضطراری خوشی کا مضائقہ نہیں باقی اپنی تدابیر اور مساعی کو سوچ سوچ کر خوش ہونا کہ ہم نے یوں کیا تو کیا اچھا اثر ہوا یہ مذموم ہے بہرحال ہم کو کوشش کرنی چاہیے اور نتیجہ کو خدا کے سپرد کرنا چاہیے اور ناکامی پر مغموم نہ ہونا چاہیے اور کامیابی پر اترانا نہ چاہیے کام شروع کر دو اس کے سب راستے خود کھل جائیں گے بقول مولانا رومی۔

گرچہ رخنہ نیست عالم راپدید خیرہ یوسف وار می باید دوید

فہرست عنوانات

وعظ-۶....اتباع علماء

خلاصہ وعظ: زندگی کے تمام افعال میں شریعت کا اتباع ضروری ہے اور شریعت کے احکام جاننے والے علماء ہیں لہٰذا ان کے اتباع سے شریعت کا اتباع ہو جائے گا۔ آپ داعی الی طریق اللہ ہیں جس کی طرف ادعوا الی اللہ میں اشارہ ہے اور یہی شان علماء میں موجود ہے مگر بواسطہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول میں یہ شان بلاواسطہ ہے۔ پس واسطہ بلاواسطہ کا فرق ہے مگر نفس نسبت مشترک ہے تو یہ اس کی دلیل ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو علماء سے بہت تعلق ہے اور اللہ تعالیٰ کو بواسطہ رسول کے علماء سے بہت تعلق ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....التبشیر

خلاصہ وعظ: اے وہ لوگو! جو اتفاق اتفاق پکارتے ہو۔ اتفاق اس طرح نہیں پیدا ہوتا۔ صرف چالیس دن کسی اہل اللہ کی صحبت اختیار کرو تمہیں طریقہ معلوم ہو۔

قال را بگذار مرد حال شو پیش مردے کاملے پامال شو

فہرست عنوانات

وعظ-۸.....الاستقامت

خلاصہ وعظ: استقامت کی ضرورت اور اس کی حقیقت اور افراط وتفریط کی ممانعت اور یہ کہ استقامت دشوار نہیں سہل ہے اور اشکالات کے عجیب جوابات۔ جس قدر دعوت الی اللہ اور اعمال صالحہ اور انشراح باظہار العبدیت میں ترقی ہوگی اس قدر ان ثمرات میں ترقی ہوگی پھر ان ثمرات عالیہ کے لئے ترقی کی طلب کیوں نہ ہو؟ ضرور ہونی چاہئے خصوصاً جب کہ ترقی کے ذرائع بھی میسر ہوں۔

فہرست عنوانات

خطبات حکیم الامت

''جزاوسزا'' جلد-۱۴

وعظ-۱.....جمال الجلیل

خلاصہ وعظ: ترغیب اور ترہیب کو ترقی عمل میں دخل ہے اس لئے حق تعالیٰ نے اپنی مغفرت وعذاب کے ظاہر کرنے کا امر فرمایا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....حیاۃ طیبہ

خلاصہ وعظ: ثمرات اطاعت مقصود حیات طیبہ اور اجر ہے اور اس کا طریقہ عمل صالحہ ہے تواضع کی حقیقت اور پہچان۔ محبت کے فضائل' حیاۃ طیبہ حاصل ہونے کا نہایت مختصر مگر کافی طریقہ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳۳....اجر الصیام من غیر انصرام

خلاصہ وعظ: روزہ کا ثواب غیر منتہی ہے اور یہ فضیلت کسی اور عمل کے لئے نہیں معلوم ہوتی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴....المعرق والرحیق

خلاصہ وعظ: انسان پر دو حالتیں طاری ہوا کرتی ہیں کبھی شوق کبھی سکون دونوں میں حکمتیں ہیں اپنے لئے کوئی خاص صورت تجویز نہ کرنا چاہئے وصول دونوں سے ہو جاتا ہے جنت میں جزاء ہر کیفیت کے مناسب ہوگی۔ پس صاحب سکون کو عدم التہاب سے پریشان نہ ہونا چاہئے اور نہ اپنے کو محبت سے خالی اور محروم سمجھنا چاہئے بلکہ یوں سمجھئے کہ شراب محبت مجھے بھی حاصل ہے مگر اس میں کافور ملا ہوا ہے جس کی وجہ سے حرارت کا غلبہ نہیں ہوتا پر اس کا حرج ہی کیا ہے تم بھی اللہ تعالیٰ کے مقربین میں داخل ہو اور اس جماعت میں سے ہو جن کو جنت میں کافور آمیز شراب دی جائے گی پس ہر حال میں راضی رہو اور اپنی تجویز کو دخل نہ دو حق تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں کافور ملا کر پلاتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں زنجبیل ملا کر پلاتے ہیں۔ واصل دونوں ہیں اسی کو مولانا فرماتے ہیں۔

عاشقے گرزین سرد گرزاں سرست ۔۔۔ عاقبت مارا بداں شہ رہبراست

فہرست عنوانات

وعظ-۵....انوارالسراج

خلاصہ وعظ: اہل اللہ کے پاس مال نہ جمع ہونے کی وجہ اور قرب قیامت میں مال کی بے قدری ہونے کی وجہ' حقیقت پہچان کر زوائد سے وحشت ہونی چاہئے ریاضت سے تبدیل اخلاق ہوتے ہیں یا نہیں؟ اس کی تحقیق' کسب دنیا منع نہیں حب دنیا منع ہے' غم کا علاج' غم میں بھی حکمت اور نفع ہے' حد سے بڑھا ہوا غم گناہ بےلذت ہے' آخرت پر نظر ہونے سے دنیا کا غم نہ ہونا چاہئے' مسلمان کا بعد موت احترام اور اس کا اپنوں سے ملنا اور قبر گڑھے کا نام نہیں لوگوں کو موت سے وحشت اور بعض اہل اللہ موت کے شائق ہوتے ہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶....طلب الجنۃ

خلاصہ وعظ: طلب بلا اکتساب دنیاوی اور اخروی اسباب طلب واجر۔ حال اور کمال طالبات جنت طریقہ حصول جنت' خوف ورجاء' احتساب نفس' شناخت مبتدی و منتہی' افراط وتفریط' عبادت وریاء' محاسبہ نفس اور مراقبہ' معصیت کی مضرتیں' طاعت کے فائدے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....آثار المربع

خلاصہ وعظ: مربع بمعنی منزل یعنی جنت جو کہ منزل ہے اس کے آثار یعنی معالم جس کے ذریعہ سے منزل تک رسائی سہل ہو یعنی اس وعظ میں یہ مضمون ہے کہ نعمائے جنت درحقیقت صور مثالیہ ہیں ہمارے ہی اعمال کی' پس اعمال اس تک پہنچنے کا ایسا ذریعہ ہے کہ اعمال سے استدلال ہوسکتا ہے وصول جنت پر۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....المودة الرحمانیہ

خلاصہ وعظ: ایمان وعمل صالح کا ثمرہ مودت رحمانیہ ہے اور یہ آخرت میں بھی حاصل ہوتی ہے اور دنیا میں بھی، پس اعمال صالحہ کا ثمرہ ادھار ہی نہیں نقد بھی ہے۔

فہرست عنوانات

خطباتُ حکیمُ الاُمّت

''تسلیم ورضا'' جلد-۱۵

وعظ-۱.....الرضاءالحق اوّل

خلاصہ وعظ: دنیا مذموم کیلئے کسی کو راضی نہ کرو بس خدا کو راضی کرنے کی فکر کرو اور جس کو بھی راضی کرو اسی کیلئے راضی کرو۔

فہرست عنوانات

الرضاء الحق دوم

فہرست عنوانات

وعظ-۲....طریق القرب

خلاصہ وعظ: طریق قرب حق۔ قرب الٰہی سے کیا مراد ہے؟ مسلمان کی شان عبدیت کا بیان' خلاصہ طریق۔ طریق تحصیل قرب یعنی رضاء قرب رضاء بڑی دولت ہے' ایمان اور عمل صالح کا مختصر بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....وحدۃ الحب

خلاصہ وعظ: تعلق مع غیر اللہ کا بیان پیری مریدی میں جو آج کل غلو ہو رہا ہے اس پر تنبیہ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴.....الوصل والفصل

خلاصہ وعظ: خدا تعالیٰ سے تعلق پیدا کرنا چاہئے اور غیر سے تعلق کم کرنا چاہئے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....فناء النفوس

خلاصہ وعظ: تفویض کی تعلیم اور اس کی حقیقت کا بیان' اپنے نفس کو فنا کرو' اپنی مرضی اور منشاء کو مٹا دو اور تفویض کا معاملہ اختیار کرو اور اللہ کی رضاء کے طالب بنو اور جنت کی طلب بھی حقیقت میں رضائے حق کی طلب ہے اس لئے کہ خود اللہ تعالیٰ نے ہمیں طلب جنت کا حکم دیا ہے۔

فهرست عنوانات

وعظ-۶....نشر الرحمۃ

خلاصہ وعظ: خلاصہ یہ کہ واللہ ورسولہ احق ان یرضوہ میں ورسولہ بڑھانے سے یہ مسئلہ مستنبط ہوا کہ ارضاء خلق للحق ریاء نہیں ہے ریاء وہ ہے جس میں دنیا کی غرض ہوحتیٰ کہ ارضاء رسول بھی اگر دنیا کے لئے ہوتو ریاء ہے چنانچہ منافقین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دنیا ہی کے لئے راضی کرنا چاہتے تھے جس پر ان کو ملامت کی گئی مگر یہاں ایک تفصیل اور ہے وہ یہ کہ اگر دنیائے فاسد یعنی معصیت کی نیت ہو وہ تو یقیناً ریاء ہے اور اگر دنیائے مباح کی نیت ہوتو اگر عمل دنیوی میں ہے تو وہ بھی ریاء نہیں ہے اور اگر عمل دینی میں ہے تو وہ بھی ریاء ہے پس اب یوں کہنا چاہئے کہ ریاء کی حقیقت۔

ارضاء الخلق للغرض الدنیوی الفاسد او للغرض المباح فی الطاعة ہے۔مثلاً اگر کسی شخص کو عمل مباح سے اس لئے راضی کیا جائے تا کہ اس کے شر سے محفوظ رہیں تو یہ ریاء نہیں۔ ریاء یہ ہے کہ مخلوق کو اس لئے راضی کیا جائے کہ وہ ہمارے معتقد رہیں ہمارے مرید زیادہ ہوں وغیرہ وغیرہ کیونکہ یہ نیت معصیت ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....التعرف بالتصوف

خلاصہ وعظ: حق تعالیٰ کی طرف سے جو تصرف ہو اس پر بندہ کو راضی رہنا چاہئے کیونکہ ہر قسم کے تصرف کا حق تعالیٰ کو اختیار ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....شکر السوانح

خلاصہ وعظ: بعض احباب نے اس احقر کے کچھ حالات کچھ مقالات ملقب بہ اشرف السوانح اس غرض سے جمع کیے ہیں ہر چند کہ میرے حالات ومقالات قابل نفع کے نہیں نیز پہلے سے ہر قسم کا ذخیرہ علمی وہ عملی امت کے ہاتھ میں موجود ہے جو جدید ذخیرہ سے مستغنی ہے مگر اس کے ساتھ ہی بنا پر حدیث انا عند ظن عبدی بی سے اللہ یہ ہے کہ جس شخص کے ساتھ حسن ظن ہوتا ہے اس کے حالات و مقالات کے ظن سے نفع ہوتا ہے اس سے حصول نفع میں خاص سہولت ہوتی ہے۔ اور صاحب تدوین کے لئے ایک سند دینا بھی جو بشکل کلاہ ہے اور جس پر ایک مناسب شعر بھی معہ سن روان لکھا ہے تجویز کرتا ہوں اور حاضرین و ناظرین سے دعا مذکور فی التقریر کی ہے اور اس کے ساتھ اپنے لئے بھی دعا کی درخواست کرتا ہوں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹ ....اعانۃ النافع

خلاصہ وعظ: تفویض کی حقیقت اس حدیث سے یہ مسئلہ مستنبط ہوتا ہے کہ اپنے ہادی اور مصلح پر بار نہ ڈالے بلکہ جس قدر ہو سکے اپنی اصلاح کے سلسلہ میں اس کی اعانت کرے جیسے نبض دکھا کر احوال بیان کر کے طبیب کو سہارا لگایا جاتا ہے حصول اصلاح جو محض اپنی سعی سے نہیں ہو سکتی بارتو شیخ پر رکھے باقی اپنی درستی کی سعی خود کرے مثلاً شیخ کے افادات پر اپنے احوال کے تطبیق خود کرے کہ اپنے اندر کون امراض ہیں جب منطبق کرے تب مصلح سے ظاہر کر کے طریقہ اصلاح دریافت کرے یہ طریقہ ہے مصلح کی اعانت کا کیونکہ تفویض کے معنی تعطل کے نہیں بلکہ اس کے معنی سونپ دینے کے ہیں یعنی عمل خود کرے مگر دوسرے کی رائے سے کرے اپنی رائے کو دخل نہ دے تفویض کی حقیقت بہت شرح وبسط کے ساتھ بیان فرمائی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰....افناء المحبوب

خلاصہ وعظ: آیت کی تفسیر کو قیاسا عام کر کے اس کے عموم میں ترک طلب احوال وکیفیات وثمرات عاجلہ کو داخل کر کے ان کے ترک طلب کی تاکید فرمائی جن کے اکثر ذاکرین طالب ہیں حاصل یہ ہوا کہ ترک طلب انفعالات بھی انفاق محبوب میں داخل ہے اور بدوں اس ترک طلب کے برکامل حاصل نہ ہوگا یہ وعظ وعظ انفاق المحبوب کا مثل جزو ثانی کے ہے۔

فهرست عنوانات

وعظ-۱۱.... قطع التمنی

خلاصہ وعظ: اپنی تجویز کا ناچیز ہونا خدائی تجویز کے سامنے نیست کر دینا پھل آنے سے قبل اس کی بیع کے حرام ہونے کی مصلحت وحکمت اور اس میں شبہات کا جواب جو امور اپنے اختیار سے خارج پیش آئیں اس کو مصلحت سمجھے اور خدا کا شکر کرے خواہ بلائے ظاہری ہو خواہ بلائے باطنی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۲....النفحات فی الاوقات

خلاصہ وعظ: حق تعالیٰ سے تعلق حاصل کرنا چاہئے ہر وقت ان سے لو لگانا چاہئے کسی وقت غافل نہ ہونا چاہئے کیونکہ اللہ تعالیٰ وقتاً فوقتاً تمہاری طرف متوجہ ہوتے رہتے ہیں تو ایسے وقت میں تمہارا غافل ہونا ستم ہوگا۔

فہرست عنوانات

خطبات حکیم الامت

''برکات رمضان'' جلد-۱۶

وعظ-۱.... تطہیر رمضان

خلاصہ وعظ: روزہ رکھا مگر پیٹ حرام سے بھرا اور دن کو بھی غیبت وغیرہ میں مبتلا رہے تو یہ روزہ کس شمار میں ہے۔

حاصل یہ کہ روزہ کے آداب سیکھو اور عورتوں کو بھی سکھاؤ۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے'' کم من صائم و قائم'' الحدیث۔ یعنی بہت سے روزہ رکھنے والے اور قیام اللیل کرنے والے وہ ہیں کہ ان کی بھوک اور پیاس کی طرف اللہ میاں کو کچھ حاجت نہیں اور آداب کے موافق اگر ختم کر لیا تو اس کے حق میں فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ تشفعان۔

یعنی روزہ نماز دونوں شفاعت کریں گے پس اس شخص کے ساتھ دو محافظ موجود ہوں گے عذاب سے بچانے کے لئے۔ پھر آپ کہہ سکتے ہیں کہ جس کے دو محافظ سرکاری موجود ہوں کیا اس کی نجات نہ ہوگی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲.... تقلیل المنام

خلاصہ وعظ: تقلیل منام کی جو صورت شریعت نے تراویح کی صورت میں تجویز کی ہے اس سے بہتر تقلیل منام کی کوئی صورت نہیں ہوسکتی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....روح القیام

خلاصہ وعظ: تراویح کی حقیقت اور اس کی روح کا بیان' فضائل تلاوت قرآن۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴...روح الصیام

خلاصہ وعظ: اعمال رمضان وعیدین کی روح کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....روح الافطار

خلاصہ وعظ: عید کی روح اور اس کی حقیقی خوشی کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶...روح الجوار

خلاصہ وعظ: اعتکاف کی فضیلت اور اس کی روح کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷.... تقلیل الاختلاط

خلاصہ وعظ: اعتکاف جامع خلوت وجلوت ہے تقلیل اختلاط کی اس سے بہتر صورت نہیں ہوسکتی۔ احیاء لیل کے لئے تمام رات جاگنا ضروری نہیں شب عید کا احیاء بھی مستحب ہے خیر مقام سے مراد مسجد ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....التہذیب

خلاصہ وعظ: التہذیب کہ اعتکاف' روزہ' تراویح ایام رمضان کے عبادات ہیں ان کے حقوق ادا کرو۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹....مثلث رمضان

خلاصہ وعظ: اس وعظ میں حضرت نے رمضان المبارک کے بعض فضائل اور جنت کی بعض نعمتوں اور روزہ کی شفاعت اور شب قدر وغیرہ جیسے مضامین کی طرف سامعین کو متوجہ کیا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰...اکمال العدۃ

خلاصہ وعظ: روزہ آسان ہے اور اس کی آسانی کی تحقیق اور یہ کہ اکمال عدت اور یسر و تکبیر سب مقاصد سے ہیں اور اس کا عجیب اثبات۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱....اکمال الصوم

خلاصہ وعظ: یہ ہے کہ حدیث سے ہم کو افطار اکبر پر عید کرنے کا حکم ہے اور اس میں یہ باتیں ہونی چاہئیں۔ ملاقات کرو خوش ہو اکثار صدقہ کرو سب مجتمع ہو کر عیدگاہ میں دوگانہ ادا کرو۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامتؒ

''سنت ابراہیم'' جلد-۱۷

وعظ-۱....سنت ابراہیم

خلاصہ وعظ: قربانی کے متعلق بیان تھا۔ قربانی کا وجوب اور نہ کرنے والوں کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد اور ہندوؤں سے متاثر ہو کر گائے کی قربانی نہ کرنا قربانی کی روح کیا ہے قربانی کی کھال اور اس کے گوشت کے مصارف کا ذکر فرمایا ہے حقیقت قربانی کی فنائے نفس ہوئی اسی واسطے ابراہیم کو ذبح ولد کا حکم ہوا نہ کہ اپنی ذات کی ذبح کا اس لئے کہ اولاد کی گردن اپنی ہاتھ سے کاٹنا جس قدر نفس پر شاق اور سخت ہے اپنی گردن اپنے ہاتھ سے کاٹ لینا اس کے مقابلہ میں آسان ہے کوئی باپ بحالت ہوش وحواس کبھی اس فعل کو گوارا نہ کرے گا بلکہ اپنی جان دے دینا نہایت آسان اور سہل سمجھے گا اور فناء نفس کے یہی معنی ہیں کہ اپنی نفس کی مخالفت کرنا اور یہ معنی ذبح ولد میں خود اپنے کو ذبح کرنے سے بہت زیادہ ہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲.... تکمیل الانعام

خلاصہ وعظ: قربانی کا راز تقرب الی اللہ ہے جس میں اول فنا ہے پھر بقا ہے اور اس کا درجہ مشاہدہ کے بعد ہے جیسے بادشاہ سے ملنے کے بعد نذر دیتے ہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....عود العبد

خلاصہ وعظ: قربانی اور عید کے متعلق بیان بعض لوگ ردی جانور ذبح کرتے ہیں جو علامت ہے محبت کی کمی کی اور جس قدر محبت کم ہوگی اس قدر اخلاص کم ہوتا ہے تکبیرات کی حکمت تضحیہ کی حقیقت ومغز ذبح ولد کے مشابہ ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴....ترغیب الاضحیۃ

خلاصہ وعظ: قربانی کی ترغیب اور فضیلت اضحیہ کا مفصل بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵...الضحایا

خلاصہ وعظ: قربانی کے فضائل کا عجیب طریقہ سے بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶....السوال فی شوال

خلاصہ وعظ: حج وقربانی اور امساک باراں کے بارے میں۔

عارف جہاں بیٹھتا ہے وہی اس کا مکہ اور مدینہ ہے کیونکہ مکہ کی حقیقت تجلی الوہیت اور مدینہ کی حقیقت ہے تجلی عبدیت اور عارف اپنے اندر ہر وقت تجلی الوہیت و تجلی عبدیت کا مشاہدہ کرتا ہے وہ جہاں بیٹھے گا مکہ مدینہ (زادہما اللہ شرفاً وکرامۃً) اس کے ساتھ ہے پس وہ ہر جگہ خوش رہے گا کیونکہ مقصود سے ہر دم اس کو قرب حاصل ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷.... تعظیم الشعائر

خلاصہ وعظ: قربانی کے احکام' تقویٰ کی حقیقت' قربانی کے آداب اور شرائط وقبولیت وصحت اور قربانی کے مسائل کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....الحج المبرور

خلاصہ وعظ: حج میں اخلاص کی ضرورت۔ حج میں سوائے اللہ کی عبادت کے اور کوئی نیت نہیں ہونی چاہئے اور مال حرام سے حج نہ کرنا چاہئے حالت احرام جو چیزیں منع ہیں ان سے بچنا چاہئے بعد واپسی کے تکالیف راستے کی بیان نہ کرنا چاہئے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹.... تحصیل المرام

خلاصہ وعظ: حج کا حاصل یہ ہے کہ ایسے وسائط سے تعلق پیدا کیا گیا ہے جن سے تعلق مع اللہ کو قوت ہو بعبارت دیگر یوں کہیے اور تمام عبادات تو مجاہدہ ہیں اور حج مشاہدہ ہے اسی کو مولانا فرماتے ہیں۔

حج زیارت کردہ خانہ بود حج رب البیت مردانہ بود

طاعات رمضان مجاہدہ تھیں اور افعال حج مشاہدہ ہیں اور مشاہدہ بعد مجاہدہ کے ہوتا ہے اس لئے اشہر حج بعد رمضان کے شروع ہو محبت الٰہیہ بڑھانے کی کوشش کرنا چاہیے جس کا بڑا ذریعہ حج بھی ہے جن پر فرض ہو وہ جلدی کریں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰....التہذیب

خلاصہ وعظ: مجاہدات شرعیہ کا اختتام اور عید کے احکام

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱.....روح الحج والثج

خلاصہ وعظ: فنائے اتم حج کی روح ہے اور فنائے تام قربانی کی۔ نفس فنا میں دونوں شریک ہیں مگر چونکہ قربانی میں عقل کے خلاف کم ہے فقط اتعاب نفس ہے اسی لئے فنا تو وہ بھی ہے مگر حج کے برابر نہیں ہے اور دونوں میں تام اور اتم کا تفاوت ہے یہ ان دونوں کی روح ہوئی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۲...روح الارواح

خلاصہ وعظ: روح اعمال کا بیان' اعمال شرعیہ کی حکمتوں اور اسرار پر کلام کیا گیا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۳....احکام حج

خلاصہ وعظ: اس وعظ میں حضرت نے حج کے فضائل ومسائل اور اس کے ضروری متعلقات کوقدرے تفصیل سے بیان فرمایا ہے۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامتؒ

''مفاسد گناہ'' جلد-۱۸

وعظ-۱....استخفاف المعاصی

خلاصہ وعظ: گناہ کو ہلکا سمجھنے کی مذمت۔ گناہ ہلکا سمجھنے کی چیز نہیں نہ اعتقاداً اور نہ عملاً وحالاً کہ خلاف دین وخلاف عقل ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....ترک المعاصی

خلاصہ وعظ: ترک معاصی ظاہرہ و باطنہ' گناہ میں مضرت کا اثبات۔ دوزخ کے عذاب کی کیفیت آنکھ' زبان' کان' پاؤں و پیٹ کا گناہ اور تمام بدن کے گناہوں کا بیان گناہ چھوٹ جانے کا طریقہ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....ترجیح المفسدۃ

خلاصہ وعظ: گناہ کسی عقلی یا حالی مصلحت سے حلال نہیں ہوتا گناہ میں اگرچہ منافع ہوں لیکن وہ حرام ہی رہتا ہے گناہ مقدر سے نجات کی صورت کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴.... مضار المعصیۃ

خلاصہ وعظ: معصیت سے طاعت کی برکت کم ہو جاتی ہے نفس کی خصلتیں اور اس کے رام کرنے کا طریقہ' ناپاک اور حرام شے جانوروں کو بھی کھلانا حرام ہے' بزرگوں سے ملنے کے بعد آداب اور تعلیم ادب اور بعض مشہور رسالے نا قابل اعتبار نہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....الجناح

خلاصہ وعظ: حاصل بیان کا یہ ہے کہ گناہوں کے غم میں مبتلا ہو جانا بعض اوقات بجائے نافع ہونے کے ضار ہو جاتا ہے اس میں مبالغہ نہ کرے ہاں ضروری توبہ کرکے کام میں لگ جاوے ایک یہ فائدہ بھی ماخوذ ہوا کہ ایک گناہ دوسرے گناہ کا سبب ہو جاتا ہے اس لئے جو گناہ چھوٹ جائے چھوڑ دو اس سے کچھ گناہوں کا سلسلہ تو کم ہوگا۔ اس کا انتظار نہ کرو کہ سب چھوٹیں تو چھوڑوں۔ سبحان اللہ قرآن مجید کی کیا تربیت ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶.....الکاف

خلاصہ وعظ: تدبیر تحرز از معصیت۔غفلت معاصی کا اصل الاصول ہے اور معاصی سے دنیا کی بربادی کا بیان۔گناہ بےلذت ہوتا ہے' گناہ ہوتا ہے نفس کے تقاضے سے نفس کا تقاضا ہوتا ہے ان چیزوں کے غالب عن النظر ہونے سے جو اس تقاضے کو مغلوب کر سکیں جیسے خدا تعالیٰ کی یاد' جنت کی یاد' دوزخ کی یاد اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی اور حقوق کی یاد بس ان چیزوں کا استحضار تقاضے کو مغلوب کر دے گا اور تقاضے کے مغلوب ہونے سے گناہ سے محفوظ رہے گا فعل انسانی ارادہ پر موقوف ہے' پردہ کے متعلق ضروری مضمون' حقیقت پیری مریدی سالک کو ہر وقت محقق کی ضرورت ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷.... تیسیر الاصلاح

خلاصہ وعظ: ترک معاصی کا سب سے سہل طریقہ، توبہ کا طریقہ مع جواب شبہات ارادہ ترک معاصی، ترغیب توبہ، جو شخص مجاہدہ نہ کر سکے اس کے لئے بھی اللہ تعالیٰ نے ترک معاصی کا علاج مقرر فرمایا ہے جو نہایت سہل ہے کہ جب بھی گناہ ہو فوراً توبہ کر لیا کرے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....الجلاء للابتلاء

خلاصہ وعظ: اکثر مصیبتیں گناہوں کے سبب آتی ہیں ایسے وقت میں توبہ واستغفار سے کام لینا اور اعمال کی اصلاح کا خیال کرنا چاہئے ہر صحابیؓ کا ہر امتی سے باعتبار علم کے اعمق ہونا ضروری نہیں نیک لوگوں پر مصائب کیوں آتے ہیں کفار پر مصیبت کم کیوں آتی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹....تفاضل الاعمال

خلاصہ وعظ: حسنات اور سیئات اور طاعت اور معاصی میں باہم تفاوت ہے کامل شناخت میں عوام کی غلطی اور اس کی شناخت۔ تحقیق عبدیت' قلت طعام قلت منام کی شرح' مشیخت حقہ کیا شے ہے' کیفیات کی حقیقت' افضل الاعمال ایمان ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰.....حب العاجلۃ

خلاصہ وعظ: شکایت ترجیح دنیا بر آخرت خداتعالیٰ اور رسول تک پہنچنے کا سہل طریقہ تکبر وحب دنیا نہی عنہ کی حقیقت حب عاجلہ کا اعلیٰ درجہ کفر ہے اور دوسرا درجہ عمل میں کاہلی اور اس کا علاج حب مال کا علاج، دنیا میں کھپ جانا تمام معاصی کی جڑ ہے اسلام کیونکر پھیلا مع دلائل ہر متمدن قوم نے اسلام ہی سے تمدن وتہذیب سیکھی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱....تادیب المصیبت

خلاصہ وعظ: مصیبت سے سبق لینا مصیبت کا سبب گناہ ہے جب کوئی مصیبت آوے توبہ کرو۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۲.....ازالۃ الغفلۃ

خلاصہ وعظ: دنیا میں منہمک ہو کر آخرت سے غافل نہ ہو جائے انہماک فی الدنیا کا علاج اور دنیا کی محبت دل سے نکل جانے کا سہل علاج' ریل میں قانون سے زیادہ اسباب لے جانے کی ممانعت کا بیان' اسلام تلوار سے نہیں پھیلا' مسلمانوں کی ذلت کے اسباب۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۳....مراقبۃ الارض

خلاصہ وعظ: انسان کی غفلت کا سبب مبداء و معاد سے بے خبری ہے اس کا علاج کرنا چاہیے جس کی سہل تدبیر یہ ہے کہ زمین پر چلتے پھرتے یہ سوچے کہ ایک دن میں اس کے اندر رکھا جاؤں گا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۴۱...التہذیب

خلاصہ وعظ: خدا کے لئے رمضان کو اس طور سے گزار دو کہ نگاہ' زبان' پیٹ کو گناہ سے بچاؤ! اب تو آپ کے پاس کوئی عذر نہیں ہے۔ اب بھی اگر کوئی نہ سمجھے تو اس بت کو خدا سمجھائے۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ رمضان المبارک کسی شخص کا جس حالت سے گزرتا ہے پھر اور دنوں میں اس کی وہی حالت رہے گی پس اگر آپ اپنا تمام رمضان اس طور سے گزار دو گے تو ان شاء اللہ تعالیٰ بعد رمضان کے اسی کی عادت ہو جائے گی۔

فہرست عنوانات

خُطبَاتُ حَکِیمُ الاُمّت

''آداب انسانیت'' جلد-۱۹

وعظ-۱.....ذم ہوٰی

خلاصہ وعظ: علاج اتباع ہوٰی۔ اتباع شریعت اور اہل اللہ کے پاس رہنا اور ان کا اتباع اختیار کرنا اس سے ان شاء اللہ ہوائے نفسانی سے نجات ہو جائیگی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....الھویٰ والھدیٰ

خلاصہ وعظ: ہویٰ اور ہدیٰ کا بیان۔ اس آیت کے ٹکڑے میں ہم لوگوں کے ایک عام مرض کا ذکر ہے گناہوں کے متعلق چھوٹے اور بڑے ہونے کی تفتیش کی مثال' علماء ومشائخ کی غیبت میں مشغول رہنے کی غلط دلیل' کسی آیت کے کفار کی شان میں ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کا تعلق مسلمان سے نہ ہو' قلب کا زنا' یہ خیال عوام کا غلط ہے کہ افعال قلب اختیار میں نہیں' حضور قلب سے مایوسی کا سبب' نظر بد زنا کا مقدمہ ہے' ذر دیدہ نظری بھی غض بصر ہے' افعال علاج بدون علاج قلب کے کافی نہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے علاج قلب کا بڑا اہتمام فرمایا ہے اتباع ہدیٰ سے دنیا بھی درست ہو جاتی ہے۔ غصہ فرو ہونے کے تدبیر' چالیسویں کی رسم ایک رئیس نے کیسے موقوف کی' دعا پر ایک اشکال اور اس کا جواب۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳.... نسیان النفس

خلاصہ وعظ: اپنے عیوب کو نہ دیکھے اور دوسروں کے عیب کو دیکھنے پر ملامت کرے، علم کی فضیلت اور مذمت، ریا، تعلیم، اخلاص اور جہل کا بیان اور فضول اور لغو باتوں کی ممانعت و مضرت، نا اتفاقی کی جڑ زبان کی بدلگامی ہے اپنے عیوب پر نظر اور ان کے معالجہ کی فکر کی جائے معالج سے مرض کو نہ چھپایا جائے کیونکہ بغیر اظہار مرض علاج ممکن نہیں الا یہ کہ معالج خود تشخیص کرلے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴....احسان التدبیر

خلاصہ وعظ: قحط وغیرہ میں جو غلہ جمع کر کے پکواتے ہیں اس پر کلام تھا کہ یہ سوءتدبیری ہے صحیح تدابیر اور اس کا دستور العمل' بدعت کی برائی کا راز' اسلام میں جانوروں کے ساتھ بھی ہمدردی کا حکم ہے غیر قوموں کا مسلمانوں پر بے رحمی کا اعتراض بالکل لغو ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....اتعاظ بالغیر

خلاصہ وعظ: عبرت گرفتن بحال غیر۔ امم سابقہ کے قصے عبرت پکڑنے کے لئے نقل کئے جاتے ہیں اکثر مصائب گناہوں کے سبب آتے ہیں نہ کہ اسباب طبعیہ سے رنج وغم پیش آوے تو فوراً استغفار کرلو مردے کو دیکھ کر عبرت حاصل کرنا چاہئے نظر کے مفاسد کا بیان' دوسرے کی مصیبت دیکھ کر اس گناہ سے بچو جس کے سبب اس پر وہ مصیبت آئی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶ ....الغضب

خلاصہ وعظ: غضب کی تعدیل' غصہ آوے تو اس کو روکنا چاہئے اور اسکی اصلاح کا طریقہ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷.... غوائل الغضب

خلاصہ وعظ: اب میں ظاہر و باطن کے علاج کا خلاصہ بتائے دیتا ہوں جو میرے تمام بیان کا محصل ہے ایک تو دل کو روکنا چاہئے کہ غصہ میں بے قابو نہ ہو جائے غصہ کے برے نتائج بار بار یاد کرنے چاہئیں کہ غصہ نہ آوے اور اگر غصہ آوے تو اس کی وہ تدبیر کرنی چاہئے جو میں نے آج بیان کی ہیں۔ اگر آپ تھوڑی ہمت سے کام لیں گے تو حق تعالیٰ کی طرف سے تائید ہوگی اور بہت جلد آپ کا غصہ آپ کا تابعدار ہو جائے گا۔ اور ظاہر کی اصلاح یہ ہے کہ اعضائے ظاہری میں زبان کے گناہ بہت ہیں ہمت کر کے ان سے بچئے اور ان تدابیر سے کام لیجئے جو میں نے بیان کیں خصوصاً غیبت سے زیادہ بچئے اگر اس میں کامیاب ہو جائیں تو سمجھئے کہ زبان کے بہت سے گناہ چھوٹ گئے اور جب زبان کی اصلاح ہوگئی تو سمجھ لیجئے کہ ظاہر کے بڑے حصے کی اصلاح ہوگئی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....اصلاح ذات البین

خلاصہ وعظ : نااتفاقی کے مفاسد اور اتفاق محمود کی حقیقت اتفاق مطلقاً محمود نہیں بلکہ بعض دفعہ نااتفاقی بھی مطلوب ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹....انسداد للفساد

خلاصہ وعظ: نا اتفاقی کے مفاسد اور اتفاق کے حدود و اسباب کا بیان؛ آج کل لوگوں نے خوشامد کا نام اتفاق رکھ لیا ہے اور اتفاق مطلقاً محمود و مطلوب نہیں بلکہ بعض دفعہ نا اتفاقی بھی مطلب ہے جب کہ اتفاق سے دین کو ضرر پہنچ رہا ہو۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰....الاتفاق

خلاصہ وعظ: اتفاق کے اسباب کی تشخیص۔ اتفاق اتباع شریعت میں ہے اور نا اتفاقی شریعت کے خلاف کرنے میں، یعنی اتفاق کے اسباب کا حاصل اطاعت حق ہے اور نا اتفاقی کے اسباب کا حاصل معصیت حق ہے۔

فهرست عنوانات

وعظ-۱۱....مواساۃ المصابین

خلاصہ وعظ: مصیبت زدوں کی ہمدردی' اس مضمون کے بعض اجزاء وقت خاص کے مقتضاء سے بیان ہوئے تھے وہ حذف کردیئے گئے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۲....عمل الذرہ

خلاصہ وعظ: خیر اور شر اگرچہ قلیل ہوں حقیر نہ سمجھے متمدن قوموں میں جو تمدن ہے اسلام سے لیا ہے' مسئلہ استیذان کی تحقیق۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامت

''حقوق الزوجین'' جلد-۲۰

وعظ-۱....حقوق البیت

خلاصہ وعظ: مستورات کی اصلاح وتعلیم کی ضرورت' مردوں عورتوں کے باہمی حقوق نیز امورخانہ داری کی اصلاح کے متعلق حضرةؒ نے یہ وعظ فرمایا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....الکمال فی الدین للنساء

خلاصہ وعظ: عورتوں کے لئے کمال دین حاصل کرنے کا طریقہ اور کاملین کی صحبت کا فیض ان کو کیوں کر پہنچ سکتا ہے اس کا طریقہ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳.....رفع الالتباس

خلاصہ وعظ: اللہ تعالیٰ نے میاں بی بی کو ایک دوسرے کا لباس فرمایا ہے۔ شدت تعلق ایک بڑی رحمت ہے کیونکہ ضابطہ کے تعلق سے حقوق ادا نہیں ہو سکتے بلکہ محبت سے ادائے حقوق میں سہولت ہوتی ہے طرفین کے حقوق کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴.... اِصلاح النساء

خلاصہ وعظ: غرض حاصل معالجہ کا دو جزو ہوئے ایک علمی دوسرا عملی' علمی کا حاصل یہ ہے کہ قرآن کے بعد ایسی کتابیں پڑھو جس میں احکام فقیہ کے ساتھ امراض قلب مثل حسد تکبر وغیرہ کا بھی بیان ہو کم سے کم بہشتی زیور ہی کے دس حصہ پڑھ لو اور عملی جز کا حاصل دو چیزیں ہیں کف لسان اور مراقبہ موت لیکن طوطے کی طرح بہشتی زیور کے الفاظ خود پڑھ لینے سے کچھ فائدہ نہ ہوگا بلکہ یہ ضروری ہے کہ کسی عالم سے سبقاً سبقاً پڑھ لو جب کہ گھر میں عالم ہو ورنہ گھر کے مردوں سے درخواست کرو کہ وہ کسی عالم سے پڑھ کر تم کو پڑھا دیا کریں مگر پڑھ کر بند کر کے مت رکھ دینا ایک وقت مقرر کر کے ہمیشہ اس کو خود بھی پڑھتی رہنا اوروں کو بھی سناتی رہنا میں وعدہ کرتا ہوں کہ اس طریقہ سے ان شاء اللہ بہت جلد اصلاح ہو جاوے گی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....کساء النساء

خلاصہ وعظ: حقوق مستورات مردوں کو تنبیہ کہ عورتوں کو حقیر نہ سمجھیں بعض امور میں عورتیں مردوں سے کم نہیں بلکہ بعض میں برابر اور بعض میں بڑھ بھی سکتی ہیں حضور کے اخلاق بیبیوں کے ساتھ' وقار اور متانت خلاف سنت مذموم ہے' بیوی کے خرچ میں تنگی نہ کرنا چاہئے حضور نے ایسی عورت پر لعنت فرمائی ہے جو مردوں کی وضع بنائے بیبیاں اللہ تعالیٰ سے ڈرتی رہیں کہ کہیں تشبہ بالرجال کرنے سے ان کے منہ پر داڑھی نہ نکل آئے یہ کچھ تعجب کی بات نہیں ضلع اعظم گڑھ میں ایک عورت مرد بن گئی تھی وعظ کا نام لباس النساء رکھنے کا مطلب۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶.... العاقلات الغافلات

خلاصہ وعظ: وعظ کا حاصل باطنی امراض کا علاج ہے سننے والوں کو اسی نیت سے وعظ میں بیٹھنا چاہئے جو اختیاری ہے مردوں کے ذمہ عورتوں کی تعلیم بھی ہے یعنی تعلیم دین جو مضر ہو ہی نہیں سکتی عورتوں کی تعلیم کا طریقہ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷.... عضل الجاھلیہ

خلاصہ وعظ: رسومات کی خرابیوں کا مع اصلاح کے بیان۔ انسان جب دین چھوڑتا ہے تو عقل بھی رخصت ہو جاتی ہے منگنی' نکاح ثانی بیوہ پر مفصل کلام۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....الاستماع والاتباع

خلاصہ وعظ: عورتوں کو عربی علوم حاصل کرنے کی ترغیب اور اس کی ضرورت کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹.... منازعۃ الھویٰ

خلاصہ وعظ: شریعت کے احکامات' رسومات کی اصلاح اور عورتیں اپنی دھن میں دنیا تک غارت کر لیتی ہیں اور توبہ کی حقیقت' مروجہ گناہ اور زیادہ سخت ہیں گناہوں کی حقیقت اور حقوق اللہ متعلقہ عقائد اور عورتوں کو دینی واقفیت کا عمدہ طریقہ' اصلاح ظاہر و باطن دونوں ضروری ہیں ضروری علم دین کا آسان طریقہ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰....غایۃ النجاح فی اٰیاۃ النکاح

خلاصہ وعظ: نکاح کا معاملہ بالکل سلوک کے مشابہ ہے جو درجات واحوال اس تعلق نکاح کے ہیں وہی تعلق مع اللہ کے ہیں پس اس سے ہم کو سلوک باطن اور تعلق مع اللہ کا سبق لینا چاہئے۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامت

"تدبیر وتوکل" جلد-۲۱

وعظ-۱....اجابۃ الداعی

خلاصہ وعظ: متوکل کے لئے بھی اسباب کا بالکل ترک کرنا جائز نہیں اور تدبیر اور توکل دونوں جمع کرنے چاہئیں اور ان کا طریقہ عمل صالح کے لئے ایمان لازم ہے اور اتباع اور انقیاد کے منافع کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲...التوکل

خلاصہ وعظ: توکل کی حقیقت تو فیض الی الحق ہے انسان یہ سوچ لے کہ اے اللہ یہ کام آپ کے اختیار میں ہے اگر آپ چاہیں تو ہوگا ورنہ نہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....الاصابہ فی معنی الاجابۃ

خلاصہ وعظ: دعا کی ترغیب اور اجابت دعا کی تحقیق اور یہ کہ اجابت دعا یقینی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴....الفصل والانفصال

خلاصہ وعظ: قابل توجہ امور اختیاریہ ہیں یعنی اعمال اور امور غیر اختیاریہ قابل توجہ نہیں یعنی احوال۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....شفاء العی

خلاصہ وعظ: جو شخص ناواقف ہو اس کی شفاء سوال کرتا ہے یعنی پوچھ لینا تحقیق کر لینا جہل مرض روحانی ہے اور اس مرض کا انجام ہلاکت اخروی ہے اس مرض سے بچنے کا آسان طریقہ سوال کرنا ہے اور سول وہ کرتا ہے جو صحیح طریقے پر اعمال و عبادات ادا کرنے کی فکر کرتا ہے ورنہ جسے فکر نہیں ہوتی وہ سوال نہیں کرتا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶ ... العمل للعلماء

خلاصہ وعظ: طلباء کو علم کے ساتھ عمل کا ہونا ضروری بتلایا تھا بالخصوص وہ امور جن میں طلبہ کوتاہی کرتے ہیں علم کس شے کا نام ہے!اور تقوی تحصیل علم کا بڑا سبب ہے' بدنظری اور قلب کے گناہ اور زینت و تکلف کی مذمت و مضرت تعلیم نظامت وصفائی اور خشوع کی تحصیل کا طرق واسباب۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷.... التیسیر للتسییر

خلاصہ وعظ: خلاصہ بیان کا یہ ہوا کہ جن امور میں تدبیر کا کچھ تعلق و دخل نہیں ان میں تو ابتداء ہی سے تفویض و تسلیم کرنا چاہئے اور جن میں تدبیر کو بھی کچھ دخل ہے وہاں تدبیر بھی کی جائے مگر نتائج و ثمرات تدبیر میں تفویض کی جائے یہ تجویز نہ کرے کہ میری تدبیر کا ثمرہ یہ ہونا چاہئے بلکہ خدا کے حوالہ کرے کہ وہ جو چاہیں ثمرہ مرتب کر دیں میں اس پر راضی ہوں پھر ان شاء اللہ تعالیٰ پریشانی اور غم سے نجات رہے گی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....القرض

خلاصہ وعظ: اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو راحت اور اطمینان سے رکھنا چاہتے ہیں لہٰذا خود پریشانی کے اسباب اختیار نہ کرنا چاہئیں پریشانی مطلقاً مجاہدہ نہیں بلکہ جو پریشانی جلباً وسلباً غیر اختیاری ہو وہی پریشانی مجاہدہ ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹.....الشکر

خلاصہ وعظ: صبر وشکر کی ترغیب اوران کی حقیقت صبر یا شکر کی ہر وقت ضرورت ہے حقیقت شکر کی تحصیل کا طریقہ اور نماز میں حضور قلب حاصل ہونے کا طریقہ صبر وشکر کی تحصیل اور حفاظت کا طریقہ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰.... تحقیق الشکر

خلاصہ وعظ: شکر کی حقیقت کہ وہ صرف زبان سے نہیں ادا ہوتا اگر شکر کی یہی حقیقت ہوتی تو اللہ تعالیٰ اتنی بڑی شکایت نہ فرماتے کہ میرے بندوں میں شکر گزار کم ہیں دراصل شکر کا تعلق عمل سے ہے ہم کو اللہ تعالیٰ کی شکایت سے غیرت آنی چاہئے اور اپنے تمام اعمال کو درست کرنا چاہئے اس وقت ہم شاکر کہلا سکیں گے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱....التنبہ

خلاصہ وعظ: بلا کے آنے اور جانے کے وقت کیا کرنا چاہئے خدا تعالیٰ بے فکری دے تو فراغت سے اس کی عبادت میں مشغول ہوں اور وقت کو غنیمت سمجھیں اور اہل محبت کسی حالت میں پریشان نہیں ہوتے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۴...فوائد الصحبۃ

خلاصہ وعظ: ضرورت صحبت ومراجعت اہل تحقیق واہل تربیت۔

فہرست عنوانات

خطبات حکیم الامت

''ذکر وفکر'' جلد-۲۲

وعظ-ا.... تفصیل الذکر

خلاصہ وعظ: ذکر کی حقیقت اور انواع غفلت ام الامراض ہے عورتوں میں غفلت کا مرض زیادہ ہے ابنائے زماں کا عورتوں کے پردہ مروجہ کے متعلق خیال' غفلت کا علاج' حقوق العباد بھی دراصل حقوق اللہ میں داخل ہیں اور ضروری مقاصد کی تصحیح۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....المراقبہ

خلاصہ وعظ: پس فکر اور ذکر یہ دو چیزیں خلاصہ وعظ ہیں ان کو لازم پکڑ لو فکر سے دل کے اندر خدا کی یاد جم جائیگی پھر وہ وقت خدا کی یاد آسان ہو جائے گی اور خدا کی یاد وہ چیز ہے جس سے دل کو راحت وسکون اور چین ملتا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....القاف

خلاصہ وعظ: خلاصہ یہ ہے کہ اس حدیث میں دو عمل کی خاصیتیں بیان کی گئی ہیں ذکر اللہ کی خاصیت شیطان کا قلب سے ہٹ جانا اور غفلت کی خاصیت شیطان کا قلب سے ہٹ جانا اور غفلت کی خاصیت شیطان کا وسوسہ ڈالنا مقصود ان دونوں کی خبر دینے سے ذکر کی ترغیب اور غفلت سے ترہیب ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴....شرط التذکر

خلاصہ وعظ: اللہ تعالیٰ نہایت شفیق ہیں اس لئے احکام بجالانے کی آسان آسان تدبیریں بھی ارشاد فرمادیتے ہیں یہاں بتذکر میں عمل اور اولوا الالباب میں علم مراد ہے اور ظاہری عنوان میں یعمل کو بتذکر سے اس لئے بدل دیا تاکہ اس کے حصول کا طریقہ بھی معلوم ہو جائے یعنی یہ بتلادیا کہ تذکر سے علم کی توفیق ہو جاتی ہے ہم لوگ مخلوق کا تو احسان مانتے ہیں جن میں خود ان کی بھی غرض ہوتی ہے اور احسانات خداوندی کا خیال بھی نہیں کرتے جو وہ بلاغرض کرتے ہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....رطوبۃ اللسان

خلاصہ وعظ: ضرورت دوام ذکر۔ اللہ کے ذکر سے ہر وقت زبان تر رکھنی چاہئے دل حاضر ہو یا نہ ہو اس لئے ذکر کے ذریعہ انسان کو نیکی بھی حاصل ہوتی ہے اور سب سے زیادہ گناہ میں مبتلا ہونے والا عضو زبان بھی گناہوں سے محفوظ رہتی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶ .... شرف المکالمہ

خلاصہ وعظ: حق تعالیٰ کی ہم کلامی بڑی نعمت ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہم کلامی اور ذکر کے آداب' اصل شے اخلاص ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....راحت القلوب

خلاصہ وعظ: ذکر اللہ ہی ایسی چیز ہے جس میں چین اور اطمینان منحصر ہے اور اس طریقہ کا معین ہے اللہ تعالیٰ کے عذاب اور نعمتوں کا مراقبہ اور کسی صاحب تحقیق کو اپنا رہبر بنالو اور اس کے سایہ میں رہ کر اپنی زندگی ختم کردو اس کے سوا کہیں چین ہے اور نہ آرام۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....جلاء القلوب

خلاصہ وعظ: انتفاع بالقرآن کے لئے قابلیت قلب ضروری ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹....ذم النسیان

خلاصہ وعظ: معاصی کا سبب نسیان ہے اور اس کا علاج ذکر اللہ ہے اور ذکر اللہ کے اقسام چند ہیں۔ ایک یاد ہوتی ہے محبت سے ایک ہوتی ہے خوف سے ایک ہوتی ہے حیاء سے اور ان میں سے بھی چند قسمیں ہیں جن میں لوگوں کے طبائع اور مذاق مختلف ہیں بعض محض محبت سے رضاء محبوب کے لئے ذکر کرتے ہیں اور بعض ثواب اور جنت کے لئے اور بعض ذکر اور اعمال صالحہ کے لئے، بعض محض حیاء کی وجہ سے کرتے ہیں ان کو اپنے محبوب کی یاد سے غافل ہوتے ہوئے شرم آتی ہے یہ غلبہ کا ذکر ہے ورنہ ہر مسلمان میں خوف محبت وحیا پائی جاتی ہے غرض کسی طرح ہو ذکر سے غافل نہ رہو۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰.....التثبیت بمراقبۃ المبیت

خلاصہ وعظ: مراقبہ موت کی ضرورت اور اس کا طریقہ اعمال کی خرابی کا سبب غفلت عن الاخرۃ ہے اور آخرت سے غفلت اس کے دور ہونے کی وجہ سے ہے حالانکہ آخرت دو ہیں ایک قریب ایک بعید اگر بعید کا خوف نہیں تو آخرت قریب یعنی موت سے غافل نہ ہونا چاہئے اس کو یاد رکھنے سے تمام اعمال درست ہو جائیں گی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱...زکوٰۃ النفس

خلاصہ وعظ: تزکیہ باطن میں دوغلطیاں ہوتی ہیں ان کی اصلاح ایک غلطی یہ کہ بعض لوگ تزکی کو مطلوب تو سمجھتے ہیں مگر اس میں تعجیل کرتے ہیں دوسری یہ کہ بعض لوگ تزکی کو مطلوب ہی نہیں سمجھتے۔

فہرست عنوانات

خطبات حکیم الامت

''راہِ نجات'' جلد-۲۳

وعظ-۱...الاستغفار

خلاصہ وعظ: استغفار کی ضرورت اور اس کا مفصل بیان اور توبہ استغفار صرف زبان سے استغفر اللہ کہہ لینے کا نام نہیں بلکہ ہر گناہ کے استغفار کا طریقہ جدا ہے حقوق العباد کے گناہوں کا استغفار یہ ہے کہ ان کو ادا کرو اگر روزے نماز ذمہ ہیں ان کی قضا کرو اگر گناہ کیے ہیں تو ان کی توبہ کا طریقہ استغفار بندامت پڑھنا اور معاصی کا ترک کرنا ہے خرچ کا سب سے زیادہ گندہ مصرف جو اس شہر میں کثرت سے ہے کوکین کھانا ہے شیطان کے شیرہ کی دلچسپ وسودمند حکایت استغفار کے بعد حق تعالیٰ کی طرف طاعت کے ساتھ رجوع ہو جاؤ ایسا کرنے سے ظاہری بارش میں کچھ دیر بھی ہوئی تو باطنی بارش یعنی قلب پر رحمت کی بارش تو ضرور شروع ہو جائے گی اور قوت قلب عطا ہوگی جس کے بعد مصیبت بھی راحت ہو جاتی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....آثار الحوبہ فی اسرار التوبہ

خلاصہ وعظ: گناہ کے مفاسد اور مضار اور توبہ کے دینی و دنیوی فوائد۔ اللہ تعالیٰ وسیع الرحمۃ اور بڑے قدر دان ہیں سب مسلمان اپنے گناہوں کو توبہ واستغفار کر کے بخشواتے رہیں پھر محبت بڑھے گی اور محبت کا اثر یہ ہوگا کہ پھر گناہ ہی نہ ہوں گے غرض توبہ گناہوں سے بچنے کا سب سے عمدہ اور آسان طریقہ ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴۳....استمرار التوبہ

خلاصہ وعظ: حق تعالیٰ کی دو شانیں ہیں ایک اہل تقویٰ اور دوسری اہل مغفرۃ۔ اول جلالی ہے دوسری جمالی۔ خواص یعنی صلحاء تو دونوں پر نظر رکھتے ہیں اور عوام اکثر صفت ثانیہ پر اخص الخواص یعنی اتقیاء کاملین صرف اولی پر اس بیان میں زیادہ مقصود ان کی غلطی بتانا تھا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴.... تفصیل التوبہ

خلاصہ وعظ: آیت میں توبہ کا حکم ہے اور توبہ کی حقیقت بندہ کا ندامت کے ساتھ خدا کی طرف متوجہ ہونا ہے توبہ گناہوں سے ہوتی ہے اور گناہوں پر مطلع ہونا علم دین کے جاننے پر موقوف ہے بعض کثیر الوقوع گناہوں کا بیان' تمام گناہوں کے چھوٹنے کا طریقہ' احکام معلوم کرنا' عمل کا پختہ قصد کرنا اور صحبت اہل اللہ ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....ضرورۃ التوبہ

خلاصہ وعظ: توبہ ضروری چیز ہے۔ظاہری افعال کا اثر باطن پر پہنچتا ہے اسرار احکام شریعت پر مطلع ہونے کا طریقہ شیخ کامل کی شناخت نسبت مع اللہ کی فضیلت کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶....اوّل الاعمال

خلاصہ وعظ: توبہ اوّل الاعمال ہے توبہ کا طریقہ۔ گناہ کے اور توبہ کے اقسام حقوق العباد کا بیان اور ابقاء توبہ کی تدبیر کا بیان فرمایا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷ ....الافتضاح

خلاصہ وعظ: انسان ہر وقت گناہ میں مبتلا رہتا ہے جس طرح ہو سکے گناہ سے بچے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....العبرۃ بذبح البقرہ

خلاصہ وعظ: مجاہدہ نفس کی ضرورت اور اس کی حقیقت اور اسکا طریقہ اور آیت ذبح بقرہ سے علم اعتبار کے طور پر اس کا استنباط اور قربانی کے متعلق کچھ بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹....اطاعۃ الاحکام

خلاصہ وعظ: اطاعت کی دو قسمیں ہیں ایک تو ضابطہ کی اور ایک دل سے طوع کے معنی رغبت ہیں پس آیت میں اللہ رسول اور اپنے حکام کی اطاعت رغبت وخوش دلی سے کرو اور اطاعت کی تحصیل کا طریق علم وعمل پر موقوف ہے۔ عمل کیلئے ارادہ اور ہمت کی ضرورت ہے اور ہمت بڑھانے کیلئے ہاذم اللذات یعنی موت کو کثرت سے یاد کرنا ہے اہل صحبت یعنی اہل اللہ کی صحبت میں بیٹھنا تحصیل اطاعت میں بہت معین اور سہل ہے اور شریعت میں حدیث کا مقام دار الحدیث کی ضرورت اور اسکی تعمیر میں حصہ لینے کی ترغیب۔ خود حضرت واعظ نے مبلغ ۵۰/- روپے دیئے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰.....الظلم

خلاصہ وعظ: ظلم کی حقیقت اور اس کا علاج' حق تلفی اور اس کا علاج مظلومیت کی حالت معاف کرنے کی فضیلت ظلم مانع طریق ہے قرب وبعد کا مدار عمل پر ہے اعمال کی فکر کرنی چاہئے۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامت

''موت وحیات'' جلد-۲۴

وعظ-ا...ذکر الموت

خلاصہ وعظ: موت کو یاد کرنے کی فضیلت' غفلت کا علاج ذکر وفکر اور موت کو یاد کرنا ہے رسومات شادی وغمی اور سود ورشوت کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....رجاء اللقاء

خلاصہ وعظ: تیاری آخرت اور رغبت اور خوف کی ضرورت

فہرست عنوانات

وعظ-۳....السوق الی الشوق

خلاصہ وعظ: ترغیب علم واحوال دوزخ میں جنت میں دل نشیں بیان

فہرست عنوانات

وعظ-۴.....خیر الحیات وخیر الممات

خلاصہ وعظ: طاعون وغیرہ میں پریشانی کا سبب ضعف اعتقاد ہے اور اس کا علاج اور شبہات و پریشانی کا علاج' اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت وعظمت پیدا ہونے کا طریقہ۔

فهرست عنوانات

وعظ-۵....دواء العیوب

خلاصہ وعظ: ضرورت تذکر موت نفس کو عمل پر آمادہ کرنے کے لئے حیلہ جنازہ سے دنیا اور دین دونوں کی عبرت حاصل کرنی چاہئے قطع عن الدنیا اور تحصیل معاش متضاد نہیں' فکر موت کے نتائج پر گناہوں کے چھوڑنے کی ایک بڑی تدبیر' شیخی عورتوں کی سرشت میں داخل ہے اور عورتوں کی شیخی مٹانے کا ایک علاج مراقبہ موت۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶.... الجمعین بین النفعین

خلاصہ وعظ: اس سال رمضان میں دو نعمتیں جمع ہیں ایک برکت رمضان دوسرے شہادت طاعون جو مبتلا وغیر مبتلا مقیم بالبلد دونوں کو عام ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷...شوق اللقاء

خلاصہ وعظ: غفلت کا اصلی سبب موت کا بھلا دینا ہے سختی فی نفسہ کوئی بری چیز نہیں لیکن شفقت دلسوزی کے ساتھ ہونی چاہئے ہم ہر وقت خطاوار ہیں پھر بھی اقرار جرم نہیں کرتے گناہ پر دلیری کرنا اور رحمت خداوندی کو ذریعہ نجات سمجھنا غلطی ہے مرنا فی نفسہ کوئی خوف کی چیز نہیں مگر یہ عدم خوف اس وقت حاصل ہوگا جب اعمال نیک ہوں گے کیونکہ اعمال نیک کی خاصیت رغبت موت ہے اعمال سیہ کا خاصہ نفرت ووحشت ہے۔

فہرست عنوانات

خطبات حکیم الامت

''حدود وقیود'' جلد-۲۵

وعظ-۱....الحدود والقیود

خلاصہ وعظ: آج کل معیار ترقی یہ ہے کہ کسی شے کے لئے کوئی حد نہ ہو بلکہ اس میں جہاں تک ہو سکے بڑھتے رہو مگر اسلام نے اس کی نفی کی ہے اسلم میں ہر شے کے لئے حد ہے اعمال ظاہرہ کے لئے بھی حدود ہیں اور اعمال باطنہ کے لئے بھی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....حرمات الحدود

خلاصہ وعظ: حدود احکام کا بیان تھا کہ ہر چیز کے لئے ایک حد معین ہے حتیٰ کہ شوق خداوندی اور خوف الٰہی کے لئے بھی حدود ہیں ان سے باہر نہ نکلو۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....التراحم فی التراحم

خلاصہ وعظ: فرمایا کہ دوسروں پر اتنی شفقت نہ کرو کہ اپنا نقصان کرلو دوسروں کی جوتیوں کی حفاظت میں اپنی اشرفیاں برباد نہ کرو۔ افراط شفقت بھی مرض ہے جیسے تفریط شفقت مرض ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴....الباب لاولی الالباب

خلاصہ وعظ: ہر کام کو قاعدہ اور اصول سے کرنا چاہئے دین کا تعلق عبادات اور عادات دونوں سے ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....الرغبۃ المرغوبۃ

خلاصہ وعظ: تعلق مع الخلق اور خدمت خلق مطلقاً محمود نہیں بلکہ اس کے لئے قیود ہیں اور یہ کہ نفع لازمی نفع متعدی سے اقدم ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶.... التصدی للغیر

خلاصہ وعظ: دوسرے کی اصلاح کے اتنا درپے نہ ہونا چاہئے کہ خود اس مصلح کی ضرر محتمل ہو۔ ذکر غیب کی ایک صورت غیب گوئی ہے ایک عیب جوئی مرض غیبت کا علاج۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....الاسراف

خلاصہ وعظ: اسراف کی حقیقت اور حدود۔ اسراف سے دین و دنیا دونوں خراب ہوجاتے ہیں اسراف کی حقیقت۔ مصائب اکثر گناہوں اور بداعمالیوں سے آتے ہیں۔ مصیبت اور بلا کا فرق۔ بخل سے اسراف زیادہ مذموم ہے آج کل اسراف مال کو لوگ عیب نہیں سمجھتے۔ جنٹل مینی اور فیشن پر مفصل کلام آرائش اور نمائش کا فرق کافر اور مسلمان کا مال مار لینے اور دبا لینے میں کیا فرق ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....الغاء المجازفة

خلاصہ وعظ: بدون دلیل شرعی کے محض رائے پر عمل کرنا جائز نہیں اجماع کے حجت ہونیکی دلیل۔ قرآن سے احکام مسجد پر مفصل کلام۔

فہرست عنوانات

خطبات حکیم الامت

''اصلاح اعمال'' جلد-۲۶

وعظ-۱....الصالحون

خلاصہ وعظ: طریقہ اصلاح حال یعنی حالت درست وہی ہے جو عنداللہ درست ہو اصلاح وحی پر موقوف ہے آج کل بہتوں کا مذاق یہ ہے کہ نیکی کو محض نفع رسانی مخلوق میں منحصر سمجھتے ہیں احکام شرعیہ میں مصالح بیان کرنے کی حقیقت' وحی اور عقل کا فرق' تقلیل تعلقات اور ترک دنیا سے نور پیدا ہوتا ہے۔ فہم میں گو وہ مقبول نہ ہو کیونکہ مقبولیت کیلئے ایمان شرط ہے حقیقت شناس صوفیاء ہی ہیں جتنا فہم اتنا مواخذہ' تقلید صحابی کو بھی واجب ہے ائمہ اربعہ کی تقلید کی وجہ اور ائمہ مجتہدین پر اجتہاد ختم ہونے کی دلیل' قرآن کا ترجمہ دیکھنا بعضوں کو حرام ہے ذوق سلیم بغیر صحبت کے حاصل نہیں ہوتا ہے۔ اصلاح حال واجب ہے اور اس کا طریقہ ہر کام میں اپنی رائے و ہوائے نفسانی کو چھوڑ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع کرنا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲.... تسہیل الاصلاح

خلاصہ وعظ: اصلاح اعمال اعمال صالحہ وہی ہیں جن سے آخرت کی منفعت حاصل ہو ضروری اعمال صالحہ یعنی ارکان اربعہ آج کل لوگوں پر گراں ہیں ان کی گرانیوں کے سہل کرنے کا طریقہ دل اور زبان کو درست رکھنا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....الاسعاد والابعاد

خلاصہ وعظ: ہر کام میں اس بات کو سوچنا چاہیے کہ یہ آخرت کیلئے مفید ہے یا مضر اگر مفید ہو اس کو کیا جائے اگر مضر ہو نہ کیا جائے اس طرح ان شاء اللہ بہت جلد معاصی سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴...الخلط

خلاصہ وعظ: اعمال صالحہ میں نیت حق تعالیٰ کو خوش کرنے کی اور اصلاح باطن کی رکھے' گناہ ہوجائیں تو ندامت کا اعتراف کرے بزرگوں کی صحبت اختیار کرے انشاءاللہ خلط کی حالت جاتی رہے گی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....المباح

خلاصہ وعظ: مباحات اور افراط وتفریط کی مضرتیں۔ مباحات کی کثرت باوجود مباح ہونے کے مورث فسادات اور منافی خشوع ہے اسی طرح بہت تقویٰ اور خشکی کرنا بھی دینداری نہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶ ....السوال

خلاصہ وعظ: دین کے مسائل کی تحقیق کے آداب' احکام شریعہ سے جہل کا مرض ظاہری مرض سے سخت تر ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....ذم المکروہات

خلاصہ وعظ: حفاظت زبان' سوال وکواف کی مذمت سب زبانوں کے گناہوں میں مبتلا ہیں ان سے بچنے کا طریقہ چار چیزوں سے ممانعت۔ایک قیل وقال سے دوسرا۔کثرت سوال سے یعنی مانگنا تیسرا علماء کو لایعنی سوالات سے دق کرنا۔چوتھے مال کا ضائع کرنا اس کی اصل قلت شکر ہے اور اس کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....اصلاح النفس

خلاصہ وعظ: اپنی اصلاح کی فکر اہم ہے آخرت کی فکر کتنی ضروری ہے آخرت سے ہم کو بہت غفلت ہے' اصلاح کیلئے دو چیزوں کی ضرورت ہے اول علم دوم اہل اللہ سے تعلق۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹ ...الارتیاب والاغتیاب

خلاصہ وعظ: بدگمانی اور غیبت سے منع کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ تمام اعمال کے کچھ نسب نامے یعنی مناشی وعلل ہیں جن کو صوفیاء کرام نے سمجھا ہے اور دعا کو بھی اصلاح حال میں بڑا دخل ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰....علاج الکبر

خلاصہ وعظ: علاج کبر اور کبر پر وعید' رسوم شادی وغیرہ کا منشاء کبر ہے۔ جہیز' ولیمہ' عقیقہ کے منکرات اور رسوم مروجہ کی اصل کا بیان جب کوئی کام کرے تو سوچ لے کہ قیامت میں اس کے متعلق باز پرس تو نہ ہوگی اور جو کام ایسے ہوگئے ہوں ان سے توبہ کرے۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامتؒ

''فضائل علم'' جلد-۲۷

وعظ-۱.... تعظیم العلم

خلاصہ وعظ: علم دین کی ضرورت اور اس کے اقسام، علم سے مراد وہ علم ہے جو خلوص کے ساتھ حاصل ہو جو علم طلب عزت وجاہ کے لئے ہو یا جو علم اغراض ومقاصد کا تابع ہو وہ علم مراد نہیں علوم شرعیہ کے حصول کی سخت ضرورت ہے اس کے حاصل کرنے کی کوشش کیجئے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲...طلب العلم

خلاصہ وعظ: اس کا خلاصہ عرض کرتا ہوں کہ مطلب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ہے کہ طالب دین کا پیٹ کبھی نہ بھرنا چاہئے جیسے طالب دنیا کا پیٹ کبھی بھی نہیں بھرتا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳...الھدیٰ والمغفرۃ

خلاصہ وعظ: علم کی فضیلت اور جہل کی مذمت' اور علم وبدعملی کی ترغیب وترہیب۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴...ضرورۃ العمل فی الدین

خلاصہ وعظ: ضرورۃ العمل بالدین۔ ہر مقصود کے دو جز ہوتے ہیں ایک علمی۔ دوسرا عملی۔ عمل کا مفصل بیان، سہل طریقہ علم دین کے عام ہونے کا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵...تفاضل الاعمال

خلاصہ وعظ: خلاصہ یہ ہے کہ جن اعمال کی ضرورت متعین ہو اور وہ معلوم بھی ہو جائے وہاں تو اس کو کر لینا چاہئے۔ اگرچہ مفضول ہو اور جہاں ضرورت نہ ہو وہاں اپنی رائے سے ایک عمل کو دوسرے عمل پر ترجیح نہ دینا چاہئے بلکہ کسی عالم سے استفتا کرنا چاہئے جیسے مثلاً بخاری شریف کا وقف کرنا یا کسی غریب کو کھانا کھلا دینا۔ اب اس کے مقابلے کے لئے یہ بھی بیان کر دینا مناسب ہے کہ جس طرح حسنات میں تفاضل ہے اسی طرح گناہوں میں بھی تفاوت ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶ ....الفضل العظیم

خلاصہ وعظ: علم دین کی فضیلت، علم اصل میں کس کا نام ہے، علم دنیا کیا ہے؟ علم کی اقسام کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....اشرف العلوم

خلاصہ وعظ: فضائل علم دین مسلمان عموماً بھی اس نعمت کے حصول سے محروم وغافل نہ رہیں علمی کوتاہیوں کا مفصل بیان۔علماء کو مال وجاہ کے حصول کی کوشش نہ کرنا چاہیے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸.... شکر المثنوی

خلاصہ وعظ: شرح مثنوی مولانا روم کے اختتام کی تقریب پر خدا تعالیٰ کے شکر کا بیان ہر نعمت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے جس نعمت کو کھول دیں اس کو روکنے والا کوئی نہیں اور جس نعمت کو بند کر دیں اس کو کوئی چھوڑنے والا نہیں ہر نعمت قابل شکر ہے چاہے وہ نعمت اسباب کی صورت میں ہو یا خدمت دین کی صورت میں یا توفیق عمل کی صورت میں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹...مظاہر الاحوال

خلاصہ وعظ: تحصیل حال کی ضرورت۔ حال حقیقت کی تبدیلی میں مثل اکسیر ہے اور دوام ترک معاصی عادۃ حال کے پیدا کرنے پر موقوف ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰....مفتاح الخیر

خلاصہ وعظ: خدمت علیہ کی فضیلت علم دین کی خدمت کرنیوالے کیلئے حدیث میں خوشحالی کی بشارت ہے اور اس میں حصہ نہ لینے والے کیلئے وعید ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱.... تقلیل الکلام

خلاصہ وعظ: شریعت نے تقلیل کلام کی صورت تلاوت قرآن کے ضمن میں مشروع کی ہے اس سے بہتر کوئی صورت نہیں ہوسکتی اور مجاہدہ عرفیہ پراس کی فضیلت کے وجوہ ودلائل۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامت

''اصلاح ظاہر'' جلد-۲۸

وعظ-۱.....اسباب الفتنہ

خلاصہ وعظ: اولاد واموال کی محبت میں پڑ کر خدا تعالیٰ سے غافل نہ ہونا۔ انسان یہ سمجھتا ہے کہ جو کچھ اس کے پاس ہے وہ ہمارا مال ہے ہم جہاں چاہیں اڑائیں مگر یہ اس کی غلطی ہے انسان کے پاس جو کچھ ہے وہ حق تعالیٰ کا ہے جس کا وہ محض امین ہے جہاں خدا تعالیٰ کی اجازت ہو وہیں صرف کرنے کا اختیار ہے اور جہاں ممانعت ہے وہاں اس کو ہرگز اختیار صرف نہیں ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....الحج

خلاصہ وعظ: حج سے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور حج واجب علی الفور ہے اس لئے اس میں دیر نہ کی جائے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....النعم المرغوبۃ فی النعم المرکوبۃ

خلاصہ وعظ: نعمتوں کے اقسام بیان فرما کر بتلایا کہ مرکوبات میں ریل بھی بڑی نعمت ہے اس کا بھی شکرادا کرنا چاہئے مگر عام حالت یہ ہے کہ جن نعمتوں سے تلبس کم ہے ان کا شکر کم کرتے ہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴....ترجیح المفسدۃ علی المصلحہ

خلاصہ وعظ: خلاصہ تمام بیان کا ان غلطیوں کا ارتفاع ہوا کہ جی بھر کر گناہ اس لئے کرنا کہ گناہ کی ہوس نہ رہے اور گناہ کو کسی مصلحت کی وجہ سے کرنا اور خدا کا مقرب ہو جانے سے اور کسی گناہ کے مکشوف ہونے سے کسی گناہ کا حلال ہونا بعض اغلاط قصداً رفع کئے گئے بعض تبعاً مذکور ہوئے اب اس سے قرآن شریف کی جامعیت کا بھی اندازہ ہو گیا ہوگا کہ مختصر الفاظ کتنے معانی کو مشتمل ہیں اس کے بعد سمجھئے کہ ایسی غلطیوں کی اصلاح علم اور صحبت محققین سے ہوتی ہے اس لئے ان دونوں کو اختیار کرنا چاہئے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵.... غض البصر

خلاصہ وعظ: معصیت چشم بدنگاہی کی خرابیوں کا مفصل بیان اور اس سے بچنے کا سہل طریقہ بیان فرمایا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶ ... مطاہر الاقوال

خلاصہ وعظ: زبان کی حفاظت کی تاکید اور بے تحقیق باتیں زبان سے نکالنے کی ممانعت شدید زبان کے گناہوں سے بچنے کا یہ طریقہ ہے کہ جو بات کہو سوچ کر کہو اگر جواز اور عدم جواز میں شبہ ہو تو کسی عالم سے پوچھ لو دینی مدارس کے بقاء کی ضرورت اور صورت۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷.....ازالۃ الغین عن آلۃ العین

خلاصہ وعظ: آنکھیں خدا تعالیٰ کی خاص نعمت ہیں۔ جن آنکھوں سے نعمت دیدار کے متمنی ہیں ان سے ممنوعات کو نہ دیکھیں اصل میں نابینا وہی ہے جو آنکھوں سے کام نہ لے آنکھوں والے شکر کریں اور جن کی آنکھیں بن گئی ہوں وہ زیادہ شکر کریں الفاظ قرآن کے متعلق بہت سے عجیب وغریب نکات بیان فرمائے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....الظاہر

خلاصہ وعظ: نرے باطن پر نہ رہو بلکہ ظاہر کو بھی لو ان کا لطف یہ ہے کہ باطن کو بھی اس سے معمور کرو اور ظاہر کو بھی آراستہ کرو جس سے یہ مضمون ظاہر ہو جاوے کہ ؎

بہار عالم حسنش دل و جاں تازہ میدارد برنگ اصحاب صورت بو ارباب معنی را

(اس کے عالم حسن کی بہار ظاہر پرستوں کے دل و جان کو رنگ سے اور حقیقت پرستوں کے دل و جان کو بو سے تازہ رکھتی ہے)

فہرست عنوانات

وعظ-۹...ادب الاعلام

خلاصہ وعظ: حرص کا حکم اور غنا کے متعلق فقہاء محدثین اور صوفیاء کا اختلاف آج کل کے اختلاف کی بناء ہوائے نفسانی ہے اور آج کل خیریت اتباع میں ہے مجتہد کس کو کہتے ہیں اور اجتہاد کا ثبوت امین بالجہر و بالسر و بالشر کا بیان۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰....ادب العشیر

خلاصہ وعظ: کار خیر میں کسی کی خوشنودی کا خیال شرک ہے بدعت سے نور قلب جاتا رہتا ہے رسوم بصورت دین اشد ہیں تہذیب حال کی حقیقت تصنع ہے آج کل کے مشائخ کا مصافحہ کا بیان۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامت

''اصلاح باطن'' جلد-۲۹

وعظ-۱....الرحیل الی الخلیل

خلاصہ وعظ: انسان ہر وقت سفر میں ہے اور دین پر چلنا اسی کو طے کرنا ہے پس دین بتمامہ راستہ ہے جس کو سالک طے کرتا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲.... سبیل السعید

خلاصہ وعظ: عوام پر علماء کا اتباع واجب ہے ان سے منازعت جائز نہیں اسی طرح مرید پر شیخ کا اتباع لازم ہی بشرطیکہ خلاف شریعت امر نہ کرے نبوت ختم ہو چکی ہے مگر سبیل حق منقطع نہیں ہوا اس کو علماء سے معلوم کرو اور یہ رحمت ہے کہ نبوت ختم ہو گئی ورنہ انکار نبوت سے کفر لازم آ جاتا ہے جب کہ علماء اور مجتہدین کی مخالفت و منازعت سے صرف گناہ لازم آتا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....اسباب الفضائل

خلاصہ وعظ: طالبین فضائل دینیہ کی اصلاح اور اس کا طریقہ اخلاق کو سنوارنے کی کوشش زمانہ طالب علمی سے ہی شروع کرو یعنی علم پر عمل۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳....الباطن

خلاصہ وعظ: خلاصہ تمام وعظ کا یہ ہوا کہ ہمارے اندر بڑا مرض غفلت کا ہے اور غفلت بھی کونسی محض فضول ادھیڑ بن کی بدولت ان بے بنیاد باتوں میں دل لگائے رکھتے ہیں جن کا سر نہ پیر کہیں گذشتہ باتوں کو یاد کر رہے ہیں کہیں آئندہ کی وہ تجویزیں سوچ رہے ہیں جو واقع میں بھی نہیں ہوسکتیں اس کا نتیجہ یہ ہے کہ تمام وقت ضائع جا رہا ہے حتیٰ کہ عبادت کے وقت بھی ان خیالات سے دل خالی نہیں ہوتا اور ایسی عبادت موافق حدیث مذکور کے قبول نہیں ہوئی اس لئے یہ عبادت کا وقت بھی ضائع ہو گیا اسی طرح ساری عمر ختم ہو جاتی اور بیکار ضائع جاتی ہے اور سب سے غفلت ہوتی تو خیر غضب تو یہ ہے کہ سب سے تو غفلت نہیں بس غفلت ہے تو اللہ سے ہے اور تو سب کی یاد ہے اگر یاد نہیں ہے تو بس اللہ کی نہیں ہے اگر اللہ کی یاد دل میں نہیں رکھ سکتے تو اور ساری دنیا کو بھی بھلا دیا ہوتا تا کہ کہہ سکتے کہ ہم تو کسی کی یاد بھی نہیں رکھتے نہ ان کی نہ ان کی۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴....التوجہ

خلاصہ وعظ: توجہ الی اللہ۔ تنبہ اور توجہ میں فرق' دوام توجہ الی اللہ فرض ہے' نماز میں حضور قلب حاصل ہونے کا طریقہ اور توجہ کی حقیقت۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵...خواص الخشیۃ

خلاصہ وعظ: خوف وحق کے آثار وخواص۔ خشیت مفتاح عمل صالح ہے اور خشیت کی تحصیل کا طریقہ۔ جن مطلوبہ چیزوں کے اسباب اپنے اختیار میں نہیں ان کیلئے صرف دعا اور جن کے اسباب اپنے اختیار میں ہی ان کیلئے دعا کیساتھ تدبیر بھی کرو۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶....ادب الطریق

خلاصہ وعظ: اجازت اور چیز ہے اور مشورہ اور چیز' چشتیہ سے مناسبت کی شناخت اور دیگر خانوادوں سے فرق' چند روز شیخ کے پاس رہنے کے بعد دور سے بھی کام چل سکتا ہے طالب کے لئے ایک طرف ہونا شرط ہے تصوف کو اج کل طشت از بام کرنا چاہئے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷....ادب الاعتدال

خلاصہ وعظ: تصلب اور تعصب میں فرق' تصوف اور فقہ متنافی نہیں فقہ کی حقیقت اور صحبت کے لئے کس کو تلاش کرنا چاہئے سب وشتم کرنے والوں کے چہروں پر نور ایمان نہ ہونے کی وجہ۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....ادب الترک

خلاصہ وعظ: ترک تعلقات یک لخت مناسب نہیں انضباط اوقات ہکم میں ترک کے ہے ہے بے قاعدہ مجاہدہ نہیں مال بسرط اتباع شریعت مضر نہیں ترک اسباب میں غلو نہ چاہئے۔ تجویز سے تفویض بہتر ہے' حرص کی حقیقت' بعض اوقات ہدیہ لینا موجب مفسدہ ہوتا ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹....العفتہ

خلاصہ وعظ: حب غیر اللہ سے تحذیر۔ مال سے زیادہ محبت ہونا مذموم ہے نفس محبت ہونا مذموم نہیں ہے۔ غیر اللہ سے محبت رکھنا سم قاتل ہے جائز اور ناجائز محبتیں خطاب عورتوں کو ترک لالچ وحرص میں تحذیر از بدنظری عورتوں کو جھانکنے تاکنے سے ممانعت بدکاری اور بدنظری کا انسداد شریعت نے کس طرح کیا ہے پردہ مرجبہ ضروری ہے پردہ کی مصلحت اور حکمت اہل اللہ راحت میں اور دنیادار تکلیف میں ہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰....حقیقت احسان

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱.....رجاء الغیوب

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامتؒ

''خیر الاعمال'' جلد-۳۰

وعظ-۱....اختیار الخلیل

خلاصہ وعظ: صحبت نیک کی ضرورت اور بد دینوں کی صحبت کے مفاسد کا بیان ایک نابالغ لڑکی شادی ہونے کے بعد شوہر کے گھر کو اپنا گھر شوہر کے دوست کو اپنا دوست اور شوہر کے دشمنوں کو اپنا دشمن سمجھنے لگتی ہے مگر ہم مرد ہو کر اپنے پرانے دوستوں کو جو خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے منشاء کے خلاف ہوں یک لخت چھوڑ کر اہل اللہ کی صحبت اختیار نہیں کر پاتے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....دعاء الامۃ وھداۃ الملۃ

خلاصہ وعظ: مال کو مال کہنے کی وجہ اور بقائے دین کن امور پر موقوف ہے؟ اور صحبت مشائخ صوفیاء کی سخت ضرورت ہے اور دین اور دنیا دونوں جمع نہیں ہوسکتے اور چندہ طیب خاطر سے نہ لیا جائے تو حرام ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳۰.... تقلیل الطعام بصورۃ الصیام

خلاصہ وعظ: روزہ کا افضل المجاہدات ہونا۔ مجاہدہ کی حقیقت اور تقسیم اور یہ کہ روزہ میں مجاہدہ بصورت تقلیل طعام ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴.... العزۃ

خلاصہ وعظ: عزت کی حقیقت اور اس کے حاصل کرنے کا سچا طریقہ' غیر مطیع کو جاہ وعزت حاصل ہونے کی حکمت' اسلام نے خودغرضی کی بیخ کنی اور اخلاص کی تعلیم کی ہے' اور اسلام کی خاصیت یہ ہے کہ دل میں اللہ کے سوائے کچھ نہیں رہتا' اور صحبت سے اسلام کا کمال نصیب ہوتا ہے اور اسلام بڑی دولت ہے کفن میت کی حکمت اور حب مال وحب جاہ جو حد سے زیادہ مذموم ہے' ثمرات اور آموں کی بیع باطل سے بچنے کی سہل تدبیر۔ سچی عزت اتباع شریعت سے ہوتی ہے اور ذلت نافرمانی ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....دعاء

خلاصہ وعظ: شکر باللسان کہتے ہیں کسی کے احسان پر تعریف کرنے کو آج کل یہ شیوہ ہو گیا ہے کہ نکمی چیز اللہ کے نام پر خیرات کرتے ہیں شب برأت کے حلوہ کی تین قسموں کا بیان اکثر لوگ مسجد کے مؤذنوں کو ذلیل سمجھتے ہیں اخلاق صرف نرمی کا نام نہیں اتفاق واتحاد کی حقیقت۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶....انفاق المحبوب

خلاصہ وعظ: ہم لوگوں کو انفاق کی عادت ڈالنا چاہئے اور انفاق مال ہی کے ساتھ خاص نہیں بلکہ علم اور نفس میں بھی ہے کہ فیض پہنچاؤ' خدمت کرو' ہمدردی کرو اور شہوات کو ترک کرو اور ان کا انفاق میں داخل ہونا قیاس ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۷.....ادب الاسلام

خلاصہ وعظ: عبادات اسلامی کی تحریف اور تشبہ بالکفار کی تردید اقامت الصلوٰۃ کے معنی اور نماز میں بے احتیاطی تعدد ازواج پر اعتراض کا مفصل جواب اصلاح معاملات زیادہ مشکل ہے فی زمانہ عمل کا ثواب بھی زیادہ ہے شرک کی برائی کا بیان اور ادب بڑی اور ضروری چیز ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۸....الاخلاص-اوّل

خلاصہ وعظ: اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور مالوں کو نہیں دیکھتے بلکہ تمہاری نیتوں اور اعمال کو دیکھتے ہیں پس اپنی نیت اور اعمال کے سنوارنے کی کوشش کرنا چاہئے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۹....الاخلاص-دوم

خلاصہ وعظ: ہماری نظر ہمہ تن دنیا پر ہے اور دین پر بالکل نہیں جو خلوص کے منافی ہے علم دین بقدر ضرورت حاصل کر کے پھر اپنے کو مرشد کامل کے سپرد کر دے اور اس کا اتباع کرے ان شاء اللہ ایک دن اخلاص میں کامیاب ہوگا۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۰....ایواء الیتامی

خلاصہ وعظ: یتیموں کی امداد پر متوجہ کیا گیا اور تعمیر یتیم خانہ کے لئے چندہ کی ترغیب دی گئی۔ یہ بھی فرمایا گیا کہ مجلس وعظ میں اگر عورتیں چندہ دیں تو اس وقت نہ لیا جائے بلکہ ان سے کہہ دیا جائے کہ اپنے شوہروں یا عزیزوں کے ہاتھ بھیجیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۱...الاخوۃ

خلاصہ وعظ: اتحاد و اتفاق کے حدوث و بقاء کے اسباب شرعی و عقلی پہلو سے نیز یہ کہ اتفاق مطلقاً محمود نہیں بلکہ بعض دفعہ نا اتفاقی بھی محمود ہوتی ہے حدوث اتحاد کی بنیاد کیا ہونی چاہئے اور اس کے بقاء کا کیا طریقہ ہے کہ اہل اللہ کے اندر کشف و کرامات سے بھی زیادہ جو چیز دل کش اور دلبر ہے وہ تواضع ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۲....عمل الشکر

خلاصہ وعظ: عمل کی ضرورت اور یہ کہ استقامت بدون عمل کامل نہیں ہوتی شکر کی اصل نیک اعمال میں زیادتی ہے زبانی شکر کافی نہیں ہاں اگر زبانی شکر کے ساتھ اعمال سے بھی نعمتوں کا شکر ادا کیا جائے تو وہ نور علیٰ نور ہے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۴۳...الذکر

خلاصہ وعظ: ذکر کی فضیلت کا بیان ذکر حیات ہے اور غفلت ممات جب اللہ کی یاد غالب ہوتی ہے تو سب وساوس وغیرہ فنا ہو جاتے ہیں اس لئے ذکر ہر وقت چاہئے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۴...درجات الاسلام

خلاصہ وعظ: سب سے مقدم اپنے دین کی درستی ہے جب اس تدبیر پر ہر شخص عمل کرے گا تو ہر ایک کی حالت درست ہو جائے گی جس سے مجموعہ خود بخود درست ہو جائے گا پھر اسلام کی حالت جس کو تم رو رہے ہو درست ہو جائے گی کیونکہ تمہاری ہی کمزوری سے اسلام میں ضعف آیا تھا جب تم قوی تندرست ہو جاؤ گے اسلام بھی قوی ہو جائے گا اور تمہاری قوت کا طریقہ بجز اس کے کچھ نہیں کہ تم اپنی حالت کی اصلاح کا اہتمام کرو اور خدا تعالیٰ کو راضی کرو۔ جس کے لئے اس کی بھی ضرورت ہے کہ جو لوگ اصلاح کے طریقے جانتے ہیں ان سے رجوع کرو۔

فہرست عنوانات

وعظ-۱۵...الاکرمیۃ بالاعملیۃ والاعلمیۃ

خلاصہ وعظ: علم و عمل کی ضرورت اور یہ کہ شرافت بدون علم و عمل کے قابل اعتبار عند اللہ نہیں خوف و خشیت کا ایمان کے لئے ضروری ہونا مسلم ہے اور عمل خوف سے زیادہ ضروری ہے۔

فہرست عنوانات

خطباتِ حکیم الامتؒ

''رحمت دو عالم'' جلد-۳۱

وعظ-۱....الرحمۃ علی الامۃ

خلاصہ وعظ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں شان رسالت اصل ہے اور شان سلطنت تابع اور منصب نبوت مکمل ہے اس لئے آپ کی سوانح میں کمالات نبوت کے ذکر کا زیادہ اہتمام ہونا چاہئے حضور کی بے انتہاء محبت حضرت ابو طالب کی نجات کے لئے کافی نہیں ہوئی اصل محبت وہی ہے جو اتباع کے ساتھ ہو۔ امر بالمعروف کی پہلی شرط یہ ہے کہ جس کو امر بالمعروف کرے اس کو اپنے سے حقیر نہ سمجھے ورنہ وہ نصیحت اپنے نفس کے لئے ہوگی۔ اصلاح کیلئے نرمی وسختی دونوں ہی کی ضرورت ہے چنانچہ احد کے موقع پر اللہ تعالیٰ نے حضور کو صحابہ کی معافی کا حکم دیا' لیکن غزوہ تبوک میں اصلاح کے لئے سختی کی۔ نرمی کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جو لوگوں کی دینی مصلحت سے ہو اور دوسری وہ جو اپنی دنیوی مصلحت سے ہو یہ مذموم ہے۔ اگر کوئی شخص کسی سے معافی مانگے تو اس کی خاطر سے اتنا کہہ دے کہ میں نے معاف کیا گو واقع میں اس کی خطا بھی نہ ہو۔ کسی سے قابل مشورہ لینا اس کی دلجوئی میں مؤثر ہے قرآن سے صرف سلطنت شخصی ہی ثابت ہے نہ کہ جمہوری۔

فہرست عنوانات

وعظ-۲....شکر النعمۃ بذکر الرحمۃ الرحمہ

خلاصہ وعظ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمارے ساتھ محبت اور شفقت' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تین حق ہیں ایک طاعت دوسرا محبت اور تیسرا عظمت ان میں لوگوں کی کوتاہیوں کا بیان' محفل میلا د مروجہ پر کلام۔

فہرست عنوانات

وعظ-۳۴...الحبور لنور الصدور

خلاصہ وعظ: متعلق ماہ ربیع الاول و ربیع الثانی۔ اعمال صالحہ کا ثمرہ جنت اور عقائد باطلہ کا ثمرہ عذاب جہنم ہوتا ہے ولادت شرعیہ کی اصل غایت بعثت نبویہ ہے اور نور مبارک کے برکات ظاہرہ و باطنہ ہیں۔

فہرست عنوانات

وعظ-۴.....السلام الحقیقی

خلاصہ وعظ: اگر محض تمنا سے کچھ ہو جایا کرتا تو ساری دنیا کامل ہو جاتی ہے اس کے ساتھ دو چیزوں کی ضرورت ہے بیداری اور ہمت یعنی ہر وقت ہوشیار بھی رہو کہ تمہارے پیچھے نفس و شیطان بڑے دشمن لگے ہوئے ہیں ان سے دھوکا مت کھانا جو کام کرو اُن کے کہنے کے موافق مت کرنا حق تعالیٰ کے کہنے کے موافق کرنا یہ تو بیداری ہے اور احکام الٰہی کی پابندی میں طبیعت سستی کرے تو بتکلف کام لو یہ ہمت ہے ہر وقت اسی میں رہو تب بھی محبوب مل جاوے تو غنیمت ہے۔ اسلام کامل کا تو یہ حاصل ہوا اور ثمرات کا بیان آپ نے آج سن ہی لیا پس اسلام کامل حاصل کیجئے حق تعالیٰ اس پر ثمرات ضرور مرتب فرماویں گے۔

فہرست عنوانات

وعظ-۵....فضائل العلم والخشیۃ

خلاصہ وعظ: فضائل علم دین وخشیت حق خوف وخشیت کی فضیلت کا بیان علم وعمل وحال کی ضرورت ترقی اسلام کی حقیقت کا بیان صحابہ کرام کی شکر رنجی کی حقیقت۔

فہرست عنوانات

وعظ-۶ ....ملت ابراہیم

خلاصہ وعظ: دین کے اندر اصل الاصول کیا چیز ہے اسلام کی تفسیر' اور اس کی تکمیل کی آسانی' اسلام میں دو درجہ ہیں ایک ادنیٰ ایک اعلیٰ' داڑھی پر مفصل کلام' اہل اللہ کی صحبت کی ضرورت اور اس کی شناخت۔

فہرست عنوانات

تمت بحمد اللہ